CITYWIDE BEHAVIORAL EXPECTATIONS

to Support Student Learning

Student Intervention and Discipline Code
and Bill of Student Rights and Responsibilities, K-12

Effective April 2015

طالبانہ تدریس کی معاونت کرنے کے لیے شہر پیما
طرز عمل کی توقعات
طالبانہ مداخلت اور ضابطہ انضباط اور طالبانہ حقوق
اور ذمہ داریوں کا قانونی مسودہ کنڈر گارٹن تا 12

Effective April 2015

Department of Education
Carmen Fariña
Chancellor

Carmen Fariña
چانسلر

Elizabeth Rose
ڈپٹی چانسلر
(ڈائریکٹر برائے انتظامیہ)

لوئس بریرا
Lois Herrera
چیف ایکزیکٹوٗ افسر
دفتر برائے تحفظ اور نوجوانان فروغ دہی

نیویارک شہر محکمۂ تعلیم کی یہ پالیسی ہے کہ اسکے تعلیمی پروگراموں اور سرگرمیوں میں نسل، رنگ، مذہب، قومی نژاد، شہریت / نقل وطنی کی حیثیت، عمر، معذوری، ازدواجی حیثیت، جنس، جنسی رجحان، یا جنسی شناخت / اظہار کی بنیاد پر امتیاز نہ برتا جائے، اور ایک جنسی براس سے پاک ماحول قائم رکھا جائے، جیسا کہ قانون کا تقاضہ ہے-

مناسب قانون کی تعمیل سے متعلق استفسارات ذیل میں بھیجے جاسکتے ہیں:
Office of Equal Opportunity, 65 Court Street, Brooklyn, New York 11201, (718) 935-3320.

طالبانہ تدریس کی معاونت کرنے کے لیے شہر پیما طرز عمل کی توقعات
(طالبانہ مداخلت اور ضابطہ انضباط اور طالبانہ حقوق اور ذمہ داریوں کا قانونی مسودہ کنڈر گارٹن تا 12) کو دفتر برائے تعلیمی اشاعت کے ذریعے اشاعت کے لیے تیار کیا گیا ہے کرسٹوفر سگارو (Christopher Sgarro) مساعد اعلی- گرافک ڈیزائین اور وضع کو ٹوبی ہارٹمین(Tobey Hartman) نے فراہم کیا ہے-

مداخلت اور نظم و ضبط کی پیمائش کے شہر پیما معیارات

نیویارک شہر کا محکمۂ تعلیم اس بات کیلئے پرعزم ہے کہ ہمارے اسکول میں محفوظ، باحفاظت اور منظم ماحول ہو کیونکہ وہاں برروز تعلیم اور تدریس وقوع پذیر ہوتی ہے- ایک محفوظ اور دوستانہ اسکولی برادری کا انحصار تمام ارکان - اساتذہ، طلبا، انتظامیہ، والدین ، صلاح کاروں، سماجی کارکنوں، حفاظتی عملے، متعلقہ خدمات مہیا کرنے والوں، کیفیٹریا میں کام کرنے والے، عمارت کے نگران اور بس کے عملے کے ایک دوسرے سے باہمی احترام سے پیش آنے پر ہے-

اس دستاویز میں طلبا کے حقوق اور ذمہ داریوں کا قانونی مسودہ شامل ہے جو طلبا کے ذمہ دار طرز عمل کو اور متنوع ماحول میں طلبا کی ثمر آور شہری بننے کی جدوجہد میں مدد کر کے رہنمائی خطوط قائم کر کے وقار اور احترام کو پروان چڑھاتا ہے-

طرز عمل کے معیارات

اسکولی برادری کے تمام ارکان - طلبا، عملہ اور والدین - کے لیے لازمی ہے کہ یہ طرز عمل کے ان تمام معیارات سے واقف ہوں جن کا مظاہرہ کرنے کی تمام طلبا سے توقع کی جاتی ہے اور ان معیارات پر پورا نہ اترنے کی صورت میں نتائج سے-

شہر پیما معیارات برائے مداخلت اور نظم ضبط کے اقدامات (ضابطہ انضباط) ایسے طرز عمل کی وضاحت فراہم کرتا ہے جو نیو یارک شہر کے پبلک اسکولوں میں متوقع طرز عمل کے معیارات پر پورا نہیں اترتا ہے- اس میں مداخلت کی مختلف رہنمائیاں اور تادیبی کاروائی اور مداخلت کے مختلف قابل اجازت اقدامات شامل ہیں جن کو اسکول برے طرز عمل سے خطاب کرنے کے لیے کر سکتا ہے- اس میں طلبا کے حقوق اور ذمہ داریوں کا قانونی مسودہ بھی شامل ہے-

ضابطہ انضباط کا اطلاق تمام طلبا پر ہوتا ہے-

فہرستِ مشمولات

والدین بطور شراکت دار، حاضری 2

طلباء کے مثبت طرز عمل کو پروان چڑھانا 3

ترقی پسند نظم و ضبط 4

خلاف ورزی کی سطوح 5

رہنما مداخلتیں 6

بحالی طریق کار 8

معاونت کی ترقی پسند سیڑھی اور ضوابطی نتائج 9

غندہ گردی اور تعصب پر مبنی طرز عمل سے خطاب کرنا 10

نظم و ضبط کے طریق کار 12

اپیلیں اور منتقلیاں 14

طلبا کے حقوق اور ذمہ داریوں کا قانونی مسودہ 15

ممنوع ہتھیار 19

خلاف ورزیاں A: گریڈ کنڈر گارٹن تا 5 20

خلاف ورزیاں B: گریڈ 6 تا 12 26

والدین* بطور شراکت دار

اسکولوں کو محفوظ بنانے میں طلبا،والدین اور اسکول کے عملے کا ایک کردار ہے اور اسکے حصول کیلئے ایک دوسرے سے تعاون کرنا لازمی ہے- اسکول کے عملے کو والدین کو ان کے بچے کے طرز عمل سے باخبر رکھنا چاہئیے اور تشویش کے شعبوں میں والدین کو بطور شراکت دار شریک کرنا چاہئیے- والدین تک پہنچ میں فون کے ذریعے رابطہ / تحریری اطلاع شامل ہو سکتا ہے، لیکن یہ ان تک محدود نہیں- بطور نمونہ ہونے کے والدین اور اسکول کے عملے کو اس طرز عمل کا مظاہرہ کرنا چاہئیے جو وہ بچوں میں دیکھنا چاہتے ہیں-

حاضری

اسکول میں حاضری طلبا کی تعلیمی پیشرفت اور کامیابی کے لیے بہت اہم ہے- اسکول کے عملے کے لئے یہ یقینی بنانا ضروری ہے کہ جو طلبا حاضری کے مسائل سے دوچار ہوں جو کہ عموما اسکول سے غائب ہوجانے یا بلا ضرورت غیر حاضریوں کے سلسلے یا تعلیمی طور پر نظر اندازی کی شکل میں ظاہر ہوتے ہیں ان کے لیے مناسب اضافی امداد، مداخلت اور معاونت فراہم کی جائے-

اسکول سے غائب ہو جانے کی حالت میں اسکول کے عملے کو چاہئے کہ وہ طالب علم اور اس کے والدین سے ملاقات کریں تاکہ یہ طے کیا جاسکے کہ کونسا لائحہ عمل مناسب ہوگا جس میں شامل ہونا چاہیے مگر اس تک محدود نہیں: رہنمائی مداخلت، مشاورت کے حوالے، اور / یا اسکول بعد پروگراموں کے حوالے-

اسکول کی حاضری یا طالبانہ فلاح و بہبود کمیٹی کو بچوں کے اسکول سے غائب ہو جانے کے معاملات پر غور کرنا چاہئے اور اس نظرثانی میں بے تحاشہ غیر حاضریوں سے متعلق اساتذہ، ڈین، رہنما مشیر، اساتذہ، سماجی خدمت کے ارکان اور اسکول کے دیگر عملے کو بھی شامل کیا جانا چاہئے تاکہ طلبا کے غائب ہو جانے کے سلسلے کا کوئی حل تلاش کیا جاسکے- مشتبہ تعلیمی نظراندازی کے معاملات کی اطلاع چانسلر کا ضابطہ A-750، کے مطابق نیویارک ریاست کے مرکزی رجسٹر میں ضرور درج کرانی چاہئے-

اس بات کو یقینی بنانے کیلئے کہ والدین اسکولی ماحول کو محفوظ اور معاون بنانے کیلئے فعال اور شریک شراکت دار ہو جائیں، ان کو ضابطہ انضباط سے واقف ہونا چاہئیے- اسکول کے افسران طلبا، والدین اور عملے کے ساتھ اس دستاویز کی معلومات کا اشتراک کرنے کے لیے ذمہ دار ہیں- اسکولوں کی والدین کے لیے ضابطے کو اور اپنے بچے کی سماجی اور جذباتی نشونما کی معاونت کرنے کے لیے اسکول کے ساتھ کام کرنے کے بہترین طریقوں کو سمجھنے کے لیے ورکشاپ فراہم کرنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے- معلمین والدین کو ان کے بچے کے طرز عمل اور طالب علم کو اسکول اور سماج میں کامیاب ہونے کے لیے درکار پرورش کی صلاحیتوں کے بارے میں مطلع کرنے کے ذمہ دار ہیں- والدین کی اساتذہ اور اسکول کے دیگر عملے سے طالب علم کے طرز عمل کو کونسے مسائل متاثر کرتے ہیں اور طالب علم کے ساتھ کام کرنے کے لیے متاثر حکمت عملیوں پر بات چیت کرنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے-

یہ ضروری ہے کہ اسکول اور گھر کے درمیان زیادہ سے زیادہ مشاورت اور رابطہ ہو- رہنما کانفرنس جن میں پرنسپل / ان کے نامزد کردہ، ایک رہنما مشیر، طلبا کے والدین اور ایک یا اس سے زیادہ اساتذہ حاضر ہوتے ہیں، جو والدین کی رائے جاننے کی حوصلہ افزائی کرنے کا بہترین طریقہ ہے اور جب مناسب ہو تو طلبا کو بھی شامل کرنا چاہئیے- جو والدین طلبا کے طرز عمل کی وجہ سے رہنما مداخلتیں منعقد کرنا چاہتے ہیں ان کو بچے کے اسکول سے رابطہ کرنا چاہئیے بشمول والدین ربط دہندہ، یا اگر ضروری ہو تو دفتر برائے خاندانی حمایت اور شمولیت سے-

ایسی صورت میں جب ایک طالب علم غیر مناسب طرزِ عمل کا مظاہرہ کرے، پرنسپل یا پرنسپل کے نامزد کردہ کو اس طرزِ عمل کے بارے میں والدین کو اطلاع کرنی چاہئیے- جب کسی طالب علم کے بارے میں یہ یقین ہو کہ اس نے جرم کیا ہے تو پولیس کو اطلاع دینا اور اس کے والدین سے رابطہ کرنا لازمی ہے- چانسلر کا ضابطہ A-412 ملاحظہ کریں-

* اصطلاح "والدین"، جب بھی اس ضابطے میں استعمال کی جائے، اسکا مطلب ہے طالب علم کے والدین یا سرپرست، یا طالب علم کے ساتھ والدینی یا نگرانی کے تعلق میں کوئی شخص یا اشخاص یا طالب علم اگر وہ ایک خودمختار نوجوان ہے یا 18 سال کی عمر کو پہنچ چکا ہے-

محفوظ، معاونتی اور مشمولی اسکول تخلیق کرنا

طلباء کے مثبت طرز عمل کو پروان چڑھانا

اسکولی ثقافت اور فضا طلبا کی تعلیمی پیش رفت اور ان کے ہمسروں اور بالغان کے ساتھ تعلقات پر گہرا اثر رکھتی ہیں- ہر اسکول سے ایک مثبت اسکولی فضا اور ایسی ثقافت کو فروغ دینے کی توقع کی جاتی ہے جو طلبا کو ایسا معاونتی ماحول فراہم کرے جس میں وہ تعلیمی اور سماجی دونوں طور پر نشو ونما پاسکتے ہیں- پر معنی سماجی سرگرمیوں میں شرکت کرنے کے اور نگہداشت، بالغان معاونت کے ساتھ ساتھ انسداد اور مداخلت کے ایسے مواقع فراہم کر کے طلبا کا اسکول سے تعلق بنانا جو طلبا کو ایسے تجربات، حکمت عملیاں، حیاتی صلاحیتیں اور معاونت کریں جو انکو پھلنے پھولنے کے لیے درکار ہوں گی-

مؤثر سماجی -جذباتی آموزش تمام طلبا کے لیے اسکول کے بنیادی انسدادی پروگراموں کا بنیادی جز ہیں- اسکولوں سے طلبا کے سماجی طرز عمل کی پرورش کرنے کےلیے پر معنی کردار ادا کرنے کی توقع کی جاتی ہے- وسیع مثبت طرزِ عمل کی معاونتیں اور اس کے ساتھ ہی سماجی جذباتی آموزش کے ایسے پُرمعنی مواقع فراہم کرنا جو سماجی اور جذباتی تعلیم کی لچک کو پروان چڑھائے- مؤثر سماجی - جذباتی آموزش طلبا کو پُراثر زندگی کے لیے بنیادی صلاحتیں پیدا کرنے میں مدد دیتی ہے، بشمول: جذبات کی شناخت اور ان کو منظم کرنا؛ دوسروں کا خیال اور تردد کرنا؛ مثبت تعلقات قائم کرنا؛ ذمہ دارانہ فیصلے کرنا؛ اور دقت طلب حالات سے تعمیری اور اخلاقی طریقے سے نمٹنا- جب طلبا ان صلاحیتوں کو فروغ دیتے ہیں تو یہ ہمسروں کے ساتھ مزید مثبت تعلقات کے تجربے سے گذرتے ہیں، مثبت سماجی طرز عمل میں مشغول ہوتے ہیں اور ان کا برے طرز عمل کرنے کا امکان کم ہوتا ہے-

طرزِ عمل کی معاونت اور مداخلتوں کی ایک ایسے مراحلہ وار اسکول پیما ساخت کو قائم کرنا مفید ہے جو ایک ترقی پسند نظم و ضبط کا اطلاق کرے- طرز عمل کی معاونتوں کا ہدف لچک، طلبا کی اسکول کے قواعد کو سمجھنے میں اور ان کی پابندی کرنے میں مدد کرنا ہے، اور ان کی طرز عمل کی توقعات پر پورا اترنے کے لیے درکار صلاحیتوں کو فروغ دینے میں معاونت کرنا ہے-

طالب علم کی شمولیت،اسکول میں ایک مثبت ماحول اور فضا قائم کرنے میں بہت ضروری ہے جو طالب علم کی سماجی/جذباتی فروغ دہی اور تعلیمی کامیابی کی نشونما کر سکے- طالب علموں کو ایک وسیع معاشرے میں دوسروں کے ساتھ اچھے تعلقات کے ساتھ رہنے والی سرگرمیوں میں شامل ہونے کے کثیر مواقع فراہم کر تے ہیں اور، اس کے ساتھ ساتھ رشتہ احساس، حمایتی والدین منفی رویوں کو دور کرنے میں مدد کر سکتے ہیں-

مثالوں میں شامل ہیں: طلبا کو خیالات اور افکار کا اشتراک کرنے اور اسکول کی حد تک ابتدائی پروگرام میں شامل ہونے با معنی مواقع ملتے ہیں؛ طلبہ کی قیادت کی ترقی؛ تعلیمی اور ہم نصابی سرگرمیوں میں طلبا کی کامیابیوں کو سراہنا، اصلاحی جوابی رائے کا استعمال؛ اور اسکول میں مثبت رویے کا نظام قائم کرنا- ایسے مواقع، ممانعت اور مداخلت کے جامع رہنمائی پروگرام کے ساتھ ساتھ، طلبہ کو تجربے، حکمت عملی، صلاحتیں اور حمایت فراہم کرتا ہے جو ان کی فروغ دہی کے لیے ضروری ہیں-

اسکولی عملے کے ارکان ایسے نامناسب طرزِ عمل کی شناخت کرنے کے بھی ذمہ دار ہیں جو تدریس میں مخل ہوتا ہے- منتظمین، اساتذہ، مشیران اور اسکول کے دیگر عملے سے توقع کی جاتی ہے کہ تمام طلبا کو مداخلت اور انسداد کی حکمت عملیوں میں شامل کیا جائے جو طلبا کے طرزِ عمل کے امور سے خطاب کرے اور ان حکمت عملیوں پر طلبا اور ان کے امور سے بات چیت کرے-

مداخلت اور انسداد کی تدابیر میں ذاتی اور خاندان کے حالات کی نشاندہی کے لئے رہنمائی امداد اور خدمات شامل ہوسکتی ہیں؛ سماجی جذباتی تدریس، اختلافات کا حل، ہمسر ثالثی، باہمی سمجھوتے؛ تقویتی دائرے، غصے پر قابو پانا، پریشانی پر قابو پانا، باہمی طور پر مسائل کا حل؛ اظہار و ابلاغ صلاحیتوں کا اکتساب، متبادل ہدایاتی مواد اور / یا طریقوں کا استعمال؛ تقویتی خدمات؛ متبادل کلاس میں تقرری؛ اور / یا تفاعلی طرزِ عمل کی تشخیصات کا فروغ اور / یا جائزہ اور طرزِ عمل میں مداخلت کا منصوبہ جس کے لیے ابتدائی مداخلتی حکمت عملی کے طور پر فروغ دیا جانا اور / یا جائزہ لیا جانا چاہئے- اگر، کسی بھی وقت، اسکول کے اہل کاروں کو یہ شبہہ ہوتا ہے کہ کسی طالب علم کی پریشانیاں کسی معذوری کا نتیجہ ہوسکتی ہیں جس کے لئے خاص تعلیمی خدمات درکار ہوں تو، طالب علم کو فی الفور کمیٹی برائے خاص تعلیم (CSE) سے رجوع کرنے کا حوالہ دینا چاہئے-

مداخلت اور انسداد کی ایسی حکمت عملیوں کے استعمال کے ذریعے جو انہیں مصروف رکھتی ہیں اور انہیں مقصد کا ایک واضح شعور عطا کرتی ہیں، اسکول کا عملہ طالب علم کی تعلیمی اور سماجی جذباتی نشو ونما میں مدد بہم پہنچاتا ہے اور اسکول کے ضابطوں اور پالیسیوں پر عمل کرنے میں ان کی اعانت کرتا ہے-

بتدریج پیش رفت انضباط

انضباط کو "قابل تدریس" لمحے کے طور پر سمجھنا انضباط کیلئے بنیادی طور پر ایک مثبت طریقہ ہے- بتدریج پیش رفت انضباط نامناسب طرزِ عمل سے خطاب کرنے کے لیے بتدریج مداخلت استعمال کرتا ہے جس کا حتمی مقصد ایک سماج دوستانہ رویہ سکھانا ہے- بتدریج انضباط سزا نہیں دیتا اس کی بجائے بتدریج پیش رفت انضباط احتساب اور رویہ جاتی تبدیلی کی حمایت کرتا ہے-

اس کا ہدف طلبا کو ان کی غلطیوں سے سیکھنے میں مدد کر کے دوبارہ منفی طرزِ عمل کو واقع ہونے سے بچانا ہے بتدریج انضباط کے نفاذ کے لیے اہم کہ ایسے طلبا کی مدد کی جائے جو ناقابل قبول طرزِ عمل کا مظاہرہ کرتے ہوں جیسے کہ:

- یہ سمجھنا کہ طرزِ عمل کیوں ناقابل قبول ہے اور اس سے کیا نقصان ہوا ہے؛
- یہ سمجھنا کہ یہ ایسی ہی صورتِ حال میں کیا مختلف کر سکتے تھے؛
- اپنے طرزِ عمل کے لیے ذمہ دار ہونا؛
- مستقبل میں استعمال کرنے کے لیے سماج دوستانہ حکمتِ عملیوں اور صلاحیتوں کو سیکھنے کے مواقع دیئے جانا؛ اور
- اگر دوبارہ ویسا رویہ دہرایا گیا تو اس کے زیادہ سخت نتائج کا سامنا کرنا-

رہنمائی مداخلتوں اور اسکول پر مبنی دیگر وسائل کے ذریعے طالبِ علم کے طرزِ عمل کی اصلاح کرنے کی ہر مناسب کوشش کی جانی چاہیئے- رہنما مداخلت اہم ہیں کیونکہ غیر مناسب طرزِ عمل یا ضابطہ انضباط کی خلاف ورزیاں سنجیدہ مسائل کی علامت ہو سکتی ہیں جن سے طالبِ علم دوچار ہو- اس لیے یہ اہم ہے کہ اسکول کے افسران ان مسائل کے بارے میں حساس ہوں جو طالبِ علم کے طرزِ عمل متاثر کریں اور ان پر اس انداز میں کاروائی کی جائے جو کہ ان کی ضرورت کے لیے زیادہ سے زیادہ مددگار ہو- مناسب تادیبی کاروائیوں کو انسداد اور ذی اثر مداخلتوں، لچک کو پروان چڑھانا چاہیئے، طالبِ علم کی تعلیم میں خلل سے اجتناب کرنے پر اور اسکول کی ایک مثبت ثقافت کو فروغ دینے پر زور دینا چاہیئے- جب طالب علم کا طرز عمل اسکو کلاس سے خارج کیے جانے کا نتیجہ بن جائے تو اسکول کو بمسر ثالثی یا تقویتی دائرے کے طریق کار کو بطور ایک ذی اثر حکمت عملی کے استعمال کرنے کو زیر غور لانا چاہیئے تاکہ طالب علم کی معمول کے پروگرام میں واپس آنے کی معاونت کی جا سکے-

معذوری کے حامل ان طلبا کے لیے جن کے طرزِ عمل ان کی اسکول میں شرکت میں رکاوٹ ڈالتے ہیں ان کے طرزِ عمل کی وجہ کو سمجھنے کے لیے فعال طرزِ عمل تشخیص (FBA) ایک اہم آلہ کار ہے- FBA کے ذریعے طالبِ علم کے طرزِ عمل سے خطاب کرنے کے لیے ایک مخصوص طریقے کی فراہمی کے بعد طرزِ عمل مداخلتی منصوبہ (BIP) بنایا جانا چاہیئے-

انضباطی ردعمل کا تعین

اسکول کے افسران کو یہ تعین کرنے کے لیے کہ کون سے انضباطی اقدام کا اطلاق کرنا ہے، اس دستاویز (ضابطہ انضباط) سے رجوع کرنا چاہیے- یہ متعین کرنے کے لیے کہ نامناسب برتاؤ کو حل کرنے کا سب سے موزوں طریقہ کیا ہے، یہ ضروری ہے کہ اس برتاؤ کے حالات کا مجموعی جائزہ لیا جائے- موزوں انضباطی اور/یا اقدامات کا متعین کرنے سے قبل مندجہ ذیل حقائق کا جائزہ لینا لازمی ہے:

- طالب علم کی عمر اور سمجھ بوجھ
- طالب علم کا انضباطی ریکارڈ (جس میں گزشتہ غلط رویے کی نوعیت، گزشتہ غلط رویوں کے واقعہ ہونے کی تعداد، اور ہر ایک پر لاگو شدہ انضباطی اور رہنمائی مداخلت شامل ہیں)
- طرزِ عمل کی نوعیت، شدت اور دائرہ کار؛
- وہ حالات جن میں یہ طرزِ عمل واقع ہوا؛
- طرزِ عمل کا تعدد اور دورانیہ؛
- طرزِ عمل میں ملوث افراد کی تعداد
- طالب علم کی BIP (رویہ جاتی مداخلتی منصوبہ)، IEP (انفرادی تعلیمی منصوبہ) اور / یا 504 سہولیات کا منصوبہ، اگر قابل اطلاق ہو-

تادیبی اقدامات کے لیے رہنما مداخلتیں اہم معاون ہیں-

بتدریج پیشرفت انضباط

خلاف ورزیوں کی سطوح

طلبا کی تعلیم کی معاونت کرنے کے لیے شہر پیما طرز عمل کی توقعات طلبا کو طرزِ عمل کے لیے جوابدہ ٹھراتے ہیں- خلاف ورزیوں کو پانچ سطوح میں منقسم کیا گیا ہے- جہاں بھی ممکن اور مناسب ہو، مداخلت کا آغاز سب سے نچلی سطح کی انضباطی کارروائی سے کیا جانا چاہئے اور اس میں رہنمائی کی مناسب مداخلت (مداخلتوں) کو شامل ہونا چاہیئے-

خلاف ورزیوں کے بتدریج درجے	
سطح 1	غیر معاونتی/نا فرمان طرز عمل
سطح 2	بے نظم طرز عمل
سطح 3	انتشار آمیز طرز عمل
سطح 4	جارہانہ یا نقصان دہ/مضر طرز عمل
سطح 5	نہایت خطرناک یا تشدد آمیز طرز عمل

پرنسپل، اساتذہ، اسکولی عملے، طلبا اور والدین کو ان تادیبی اقدامات کا علم ہونا چاہیئے جن کو طالبِ علم کے برے طرزِ عمل کی وجہ سے کلاس روم میں کافی خلل ڈالنے کی صورت میں لیا جا سکتا ہے- ضابطہ انضباط کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے - حصہ A: گریڈ K-5 اور حصہ B: گریڈ 6-12 - اس بات کو یقینی بنانے کیلئے کہ طالب علم کی عمر اور بالغ پن کو زیر غور لایا جائے- کچھ خلاف ورزیوں کا اطلاق گریڈز کنڈر گارٹن تا 3 کے طلبا پر نہ ہو-

خلاف ورزی کی ہر سطح کے لئے ممکن انضباطی کارروائیوں کا کم از کم اور زائد از زائد دائرہ کار ہے جو کہ کسی استاد، پرنسپل، دفتر برائے اسکول اور ترقی نوجوانان کے افسرِ اعلیٰ یا چانسلر کے دیگر نامزد کردہ یا اجتماعی مہتمم کی جانب سے نافذ کی جاسکتا ہے-

تمام شمار کردہ خلاف ورزیاں مشمولی نہیں ہیں- اگر طالبِ علم ایک ایسا طرزِ عمل اختیار کرتا ہے جو کہ درج نہیں ہے تو ایک استاد، پرنسپل، یا برائے دفتر برائے اسکول اور ترقی نوجوانان کے افسر اعلیٰ یا چانسلر کے دیگر نامزد کردہ یا اجتماعی مہتمم کے ذریعے مناسب تادیبی اقدامات لیے جانے چاہیئیں اس کا انحصار اسکول کے ضابطے کی خلاف ورزی کی بنیاد پر ہے- اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ عملہ، طلبا اور والدین طرزِ عمل کے متوقع معیارات سے آگاہ ہیں اسکول کے ضوابط کو تحریر میں ہونا اور تمام طلبا کے لیے دستیاب ہونا لازمی ہے-

جہاں بھی اور جب بھی ضابطہ انضباط کا اطلاق ہوتا ہو

ضابطہ انضباط میں قائم کئےگئے وہ معیارات جن کا اطلاق ان طرز عمل پر ہوتا ہے:

- اسکول میں اسکول کے اوقات کے دوران؛
- اسکول کی جگہ پراسکول لگنے سے قبل یا بعد میں، اسکول کے املاک پر؛
- ان سواریوں میں سفر کرنے کے دوران جن میں NYC DOE, کی سرمایہ کاری ہو؛
- اسکول کی طرف سے کی گئی تقریبات میں؛ اور
- اسکول کی ملکیت کے علاہ جگہوں پر جب ایسا طرز عمل جو تعلیمی نظام پر منفی اثر کر رہا ہو یا اسکول کی برادری کی صحت، تحفظ، اخلاق، یا فلاح و بہبودکو خطرے میں ڈال دے-

جب غلط طرز عمل میں روابط، اشارے یا علامتی رویہ شامل ہوں خلاف ورزیوں کا اطلاق زبانی، تحریری، یا الیکٹرانک پر ہوتا لیکن صرف ٹیکسٹنگ، ای میل اور سوشل نیٹ ورکنگ تک محدود نہیں ہے-

ضابطۂ انضباط میں ایسے طلبا کے لئے بتدریج سزائیں معین کی گئی ہیں جو مناسب انضباطی کارروائی کے باوجود بھی اپنی ناشائستہ حرکات دوبارہ دہراتے رہیں-

جو طلبا غیرمناسب طرزِ عمل کے سلسلے میں ملوث ہوتے ہیں ان کے لئے زیادہ سخت سزائیں نافذ کی جائیں گی- جہاں بھی ممکن اور مناسب ہوگا، ایسی سخت سزائیں نافذ کرنے سے پہلے، اسکول کے عہدہ داران کو پہلے کم سخت انضباطی کارروائیوں کو آزما کر دیکھ لینا چاہئے اور رہنما مداخلتوں کو استعمال کیا جانا چاہیئے-

پری کنڈر گارٹن کے بچوں کی طرز عمل کی ضروریات سے خطاب کرنا

ضابطہ انضباط گریڈ K-12 کے طلبا کے لیے طرز عمل کی توقعات کو قائم کرتا ہے- ضابطہ انضباط کا اطلاق پری کنڈر گارٹن کے طلبا پر نہیں ہوتا ہے محکمۂ تعلیم اور نیو یارک شہر بچوں کی خدمات کی انتظامیہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پابند عہد ہے کہ ابتدائی طفلی پروگراموں سے فارغ ہونے والے تمام بچے تعلیمی اور طرز عمل کے لحاظ سے کامیاب ہونے کے لیے تیار ہوں- طرز عمل کی منتظمی کے بارے میں مزید معلومات کے لیے بچوں کی خدمات کی انتظامیہ اور طرز عمل کی منتظمی کے محکمۂ تعلیم کے بیان کو ارلی چائلڈ ہوڈ کے زیر محکمۂ تعلیم کی ویب سائٹ پر ملاحظہ کریں: http://schools.nyc.gov/Academics/_EarlyChildhood/educators/UPK.htm.

معذوری کے حامل طلبا کی ضروریات سے خطاب کرنا

فعالی طرزِ عمل تشخیص (FBA) ایک ایسا طریقہ ہے جس کے ذریعے یہ تعین کیا جاتا ہے طالبِ علم ایسے طرزِ عمل میں کیوں ملوث ہوا جس کی وجہ سے تعلیم میں خلل پڑا اور طرزِ عمل ماحول سے کس طرح وابستہ ہے- FBA طالبِ علم کے براہِ راست مشاہدوں، اساتذہ، فراہم کنندگان اور والدین کی معلومات پر مبنی ہوتی ہیں- اس کو طالبِ علم کے طرزِ عمل کو سمجھنے کے لیے بشمول یہ کیوں اور کیسے واقع ہوا اور طرزِ عمل سے خطاب کرنے کے لیے تجاویز کو فروغ دینے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے-

جب معذوری کا حامل ایک طالب علم یا ایک ایسا طالب علم جس کے لیے یہ سمجھا جاتا ہے کہ یہ معذوری کا حامل طالب علم ہے تو ان صورتوں میں FBA کو لازماً زیرِ غور لایا جانا چاہیئے (1) اسکول پیما عمومی یا کلاس پیما مداخلتوں کے نفاذ کے باوجود مسلسل ایسے طرزِ عمل کا مظاہرہ کیا جائے جو کہ اس کی یا دیگر افراد کی تعلیم میں خلل ڈالے، (2) ایسے طرزِ عمل کا مظاہرہ کرے جو کہ طالبِ علم کو یا دیگر افراد کو نقصان پہچنے کے خطرے میں ڈال دے- (3) طالبِ علم کے طرزِ عمل کی وجہ سے اسکو CSE کے ذریعے مزید پابندیوں کے پروگرام کے لیے زیرِ غور لایا جا چکا ہو- اس طالبِ علم کو معذوری کا حامل تصور کیا جاتا ہے جس کے لیے اگر والدین تحریر میں تشویش کا اظہار کریں کہ طالبِ علم کو خاص تعلیم یا متعلقہ خدمات کی ضرورت ہے یا اسکول کا عملہ ایک مسلسل طرزِ عمل کے بارے میں تشویش کا اظہار کرے یا طالبِ علم کو ایک ابتدائی تشخیص کا حوالہ دیا جا چکا ہو- بد عملی کی وجہ کی وضاحت کے جائزہ (MDR) کے نتائج کے بعد FBA کا انعقاد کرنا اور اس کو تازہ ترین کرنا لازمی ہے کہ بدعملی طالبِ علم کی معذوری کی وضاحت ہے-

ایک FBA کے مکمل ہو جانے کے بعد، انفرادی تعلیمی منصوبہ ٹیم کے لیے لازمی ہے کہ اس بات کو زیرِ غور لائے کہ آیا ایک فعال طرزِ عمل کی مداخلت کا منصوبہ (BIP) درکار ہے یا اس میں تجدید کی ضرورت ہے- BIP ایک ایسا منصوبہ ہے جس کی بنیاد FBA کے نتائج پر ہوتی ہے اور اس میں کم سے کم طرزِ عمل کے مسئلے کی وضاحت شامل ہوتی ہے اس میں طرزِ عمل کیوں واقع ہوتا ہے کی وضاحت اور طرزِ عمل سے خطاب کرنے کے لیے مداخلتوں کی ان حکمتِ عملیوں کی وضاحت شامل ہوتی ہے جن میں مثبت طرزِ عمل کی معاونت اور خدمات شامل ہیں- FBA, BIP اور MDRکی مزید معلومات کے لیے ذیل دیکھیں http://schools.nyc.gov/Academics/SpecialEducation/Classroom/behavior/_challenging-behaviors.htm.

رہنما مداخلتیں

مثبت رویے کے فروغ کے لیے اسکول متعدد انسدادی اور مداخلتی معاونتی خدمات اور تمام طلبا کے لیے مختلف انسدادی اور مداخلتی معاونتی خدمات اسکولی اوقات اور اسکولی اوقات کے بعد تمام سال فراہم کرتا ہے- جب ایک طالب علم غیر مناسب طرزِ عمل میں ماخوذ ہوتا ہے تو، طالب علم کے مشغول ہونے والے طرز عمل کی نوعیت کی بنیاد پر مداخلتوں کی ایک جامع و مانع فہرست کو زیر غور لایا جانا چاہیئے- رہنما مداخلتیں ایک جامع کاروائی کا ایک اہم حصہ ہیں- اسکولوں سے تادیبی کاروائی کے تمام مراحل میں بشمول معطلی کے معاونتی خدمات فراہم کرنے کی توقع کی جاتی ہے- مستقل اور موزوں طریقے سے استعمال کیے جانے پر، یہ مداخلتیں طلبا کے طرزِ عمل کو بہتر بنانے، طلبا کے ذریعہ جرم کے اعادہ کو کم کرنے کا ایک وسیلہ بن سکتی ہیں اور اسکول میں مزید مثبت ماحول کی تشکیل میں معاون ہوسکتی ہیں- معاونتی خدمات میں کسی بھی حد تک رہنمائی مداخلتیں یا انفرادی طالب علم کی ضروریات کی بہتر طور پر تکمیل کرنے والی کسی بھی خدمات کا امتزاج شامل ہوسکتا ہے-

رہنما مداخلتوں کی قسمیں	
والدین تک رسائی اسکول کے عملے کو والدین کو ان کے بچے کے طرز عمل سے باخبر رکھنا چاہئیے اور تشویش کے شعبوں میں والدین کو بطور شراکت دار شریک کرنا چاہئیے- والدین تک پہنچ میں فون کے ذریعے رابطہ / تحریری اطلاع شامل ہو سکتا ہے، لیکن یہ ان تک محدود نہیں-	**طرز عمل سے متعلق پیش رفت کی قلیل مدتی رپورٹیں:** اساتذہ اور / یا پرنسپل والدین کو باقاعدگی کے ساتھ اس وقت تک طرزِ عمل سے متعلق پیش رفت کی رپورٹیں بھیج سکتے ہیں جب انہیں یہ محسوس ہو کہ طالب علم اپنے طرزِ عمل پر قابو رکھ رہا / رہی ہے اور کلاس روم میں کامیابی سے کام کر رہا ہے-
رہنمائی کانفرنسیں: پرنسپل اور اساتذہ، طالب علم کے ساتھ اور جہاں موزوں ہو، والدین کے ساتھ رہنمائی کانفرنس کی درخواست کر سکتے ہیں- اس کانفرنس کا مقصد طرزِ عمل پر نظرثانی کرنا، مسائل کا حل تلاش کرنا اور ایسے تعلیمی، ذاتی اور سماجی معاملات کی نشاندہی کرنا ہے جو اس طرزِ عمل کی وجہ ہوسکتے ہیں یا اس میں امداد مہیا کرتے ہیں-	**انفرادی طرزِ عمل سے متعلق معاہدہ تیار کرنا:** طلبا ایک تحریری معاہدہ تیار کرنے کے لئے استاد سے ملتے ہیں جس میں مقاصد اور کارکردگی سے متعلق ایسے خصوصی اعمال شامل ہوتے ہیں جن کی تکمیل طلبا اپنے مقاصد کو پورا کرنے کے لئے کرتے ہیں- اس معاہدے پر طالب علم اور استاد کے دستخط، اور جہاں موزوں ہو، والدین کے دستخط ہوتے ہیں-
مشاورتی عملے کے ذریعہ مداخلت: جہاں موجود ہو، اسکول پر مبنی مشاورتی عملہ اور / یا اسکول پر مبنی دماغی صحت کا پروگرام متعدد جامع اور بضغیہ راز رکھی جانے والی دماغی صحت کی خدمات اور مداخلتوں کی پیشکش کرتا ہے جن میں ذیل شامل ہیں لیکن انہی تک محدود نہیں ہیں- تشخیصات، انفرادی گروپ، اور ابل خانہ معالجہ، اساتذہ کے ساتھ مشاورت، والدین اور عملے کے لیے تعلیمی حکمتِ عملیاں شامل ہیں-	**PPT کے لئے حوالہ (طالبانہ فلاح و بہبود / پیوپل پرسنل ٹیم):** طالبانہ فلاح و بہبود ٹیمیں اسکول پر مبنی ٹیمیں ہوتی ہیں جو انسدادی اور مداخلتی حکمت عملیوں اور تعاون کے ذریعہ طالب علم کی کامیابی کی حوصلہ افزائی کے لئے کثیر شعبہ جاتی طریق کار کا استعمال کرتی ہیں- ہر طالب علم کے حوالے کے لئے ایک کیس منیجر کی شناخت کی جاتی ہے اور طلبا کو ان کی تعلیمی اور / یا دیگر دشواریوں پر قابو پانے میں مدد کرنے کے لئے ایک انفرادی منصوبہ تیار کیا جاسکے-
برادری پر مبنی تنظیم(CBO) کا حوالہ دینا: طالب علم کو وسیع پیمانے کی خدمات کے لئے ایک برادری پر مبنی تنظیم کا حوالہ دیا جاسکتا ہے، جس میں اسکول بعد پروگرام، انفرادی یا اجتماعی مشاورت، قائدانہ فروغ، اختلافات کا حل اور نجی تدریس شامل ہوسکتی ہیں-	**منشیات کے استعمال پر موزوں مشاورتی خدمات کا حوالہ:** ایسی صورت میں جب طالب علم منشیات کے استعمال، بشمول غیر قانونی ممنوعہ اشیأ، منشیات سے متعلق لوازمات، اور / یا شراب کے استعمال، تصرف یا تقسیم کے مسائل سے دوچار ہو، تو اسکول کے اندر کی یا خارجی برادری پر مبنی تنظیموں کی رہنمائی خدمات کے لیے حوالہ دینا چاہیے-
انفرادی / گروپ مشاورت: مشاورت طلبا کو ایک ایسا مسائل کے رازداری میں اشتراک کے لیے مخرج فراہم کرتا ہے جو ان کی حاضری، طرزِ عمل، اور / یا تعلیمی کامیابی پر منفی انداز میں اثر انداز ہوتے ہیں- چھوٹے گروپ میں مشاورت پریشانی پر قابو پانا، غصے پر قابو پانا، اختلافات کے حل کی اور / یا ابلاغ کی موثر صلاحیتوں کو فروغ دینے وغیرہ جیسے مسائل سے خطاب کر سکتی ہے- طلبا اہداف تشکیل دیتے ہیں، اور مسائل حل کرنے کی ایسی حکمتِ عملیاں سیکھتے ہیں جو ان کو ذاتی مسابقتوں کو عبور کرنے کے قابل بناتی ہیں- مشیران طلبا کی تعلیمی اور ذاتی پیشرفت پر بات چیت کرنے کے لیے والدین کے ساتھ معمول میں مشاورت کرتے ہیں-	**غنڈہ گردی، دھمکانے یا ہراس کے لیے مشاورتی خدمات کا حوالہ:** جب کوئی طالب علم یا طالب علموں کا گروہ کسی دوسرے طالب علم یا طالب علموں کے گروہ کو غندہ گردی، بشمول سائبر غندہ گردی، ڈرانے یا تعصب پر مبنی براساں کرنے کا مظاہرہ کرے تو متاثرہ اور ایسے رویے کا مظاہرہ کرنے والوں،دونوں کو الگ الگ اسکول عملے یا ایک برادری پر مبنی کی فراہم کردہ مشاروتی،معاونتی اور تعلیمی خدمات کے لیے بھیجنا چاہیے- نہ ہی ثالثی اور نہ ہی اختلافات کا حل، کسی بھی صورت میں غندہ گردی، ڈرانے یا ہراس کے لیے مناسب مداخلتیں ہیں-
صلاح کاری پروگرام: صلاح کاری پروگرام کسی صلاح کار جو ایک مشیر، استاد، طالب علم اور / یا منتظم کی ملاقات ایک ایسے شاگرد سے کروا سکتا ہے جس کو اضافی معاونت کی ضرورت ہے- اس تعلق کا مقصد شاگرد کو اپنی ذاتی، تعلیمی، اور معاشرتی نشو ونما میں مدد کرنا ہے-	صلاح کار / اتالیق مہتمم کی معطلی یا ایک طویل غیر حاضری کے بعد واپس آنے والے ایک طالب علم کے لیے عبوری معاونت فراہم کے لیے عملے کے تربیت یافتہ رکن کو تعین کیا جاتا ہے-
غنڈہ گردی، دھمکانے یا ہراس کے لیے مشاورتی خدمات کا حوالہ: جب کوئی طالب علم یا طالب علموں کا گروہ کسی دوسرے طالب علم یا طالب علموں کے گروہ کو تعصب کی بنیاد پر غندہ گردی، ڈرانے یا براساں کرنے کا مظاہرہ کرے تو متاثرہ اور ایسے رویے کا مظاہرہ کرنے والوں،دونوں کو الگ الگ اسکول عملے یا ایک برادری پر مبنی کی فراہم کردہ مشاروتی،معاونتی اور تعلیمی خدمات کے لیے بھیجنا چاہیے- نہ ہی ثالثی اور نہ ہی اختلافات کا حل، کسی بھی صورت میں تعصب پر مبنی غندہ گردی، ڈرانے یا براس کے لیے مناسب مداخلتیں ہیں-	**نوجوانان میں تعلقاتی مذموم برتاؤ یا جنسی تشدد کے لیے مشاورتی خدمات کا حوالہ:** جب ایک شخص دھمکی یا اصل جسمانی، جنسی اور / یا جذباتی ایذا رسانی کا ایک سلسلہ ڈیٹنگ پارٹنر کو کنٹرول کرنے کے لیے استعمال کرتا ہے، اسکول کو متاثرہ شخص اور جو طالب علم اس طرزِ عمل میں ملوث ہے، دونوں کو علحیدہ مناسب اسکول یا برادری پر مبنی تنظیمیوں کے پاس صلاح کاری، اعانت اور / یا تعلیم کے لیے بھیجنا چاہیئے- نہ ہی ثالثی اور نہ ہی اختلافات کا حل، کسی بھی صورت میں مشتبہ تعلقاتی بدسلوکی کے لیے مناسب مداخلتیں ہیں-
باہمی طور پر مسائل حل کرنا جب طالب علم ایک مسابقت طلب طرز عمل میں مشغول ہوتا ہے تو، ایک تربیت یافتہ عملے کا رکن اچانک رونما ہونے والے طرز عمل کے مخصوص مسائل کی نشان دہی کرنے کے لیے باہمی مسائل کو حل کرنے کے طریقہ کار کو استعمال کر سکتا ہے، طرز عمل کے بارے میں بالغان کی تشویشات کی وضاحت کر سکتا ہے اور طرز عمل کی بنیادی وجوہات سے خطاب کرنے کے لیے طالب علم کو باہمی طریقہ کار میں مشغول کر سکتا ہے اور ایک ایسے عملی منصوبے کا فیصلہ کر سکتا ہے جو کہ حقیقت سے قریب ہے اور دونوں کے لیے باہمی طور پر قابل قبول ہے-	

بحالی طریق کار

اسکولی برادری کے تمام ارکان متنوع قابلیتیں، دلچسپیاں، نقطہ نظر، اور اہل خانہ اور ثقافتی پس منظر رکھتے ہیں- یہ تفریق عمدہ توانائی اور تقویت کا وسیلہ ہو سکتی ہے جب برادری کے ارکان ایک دوسرے کی قدر اور احترام کریں- اصلاحی طریقے کو مثبت ذاتی اور گروپ کے تعلقات کو پروان چڑھانے اور نظم و ضبط کے لیے اصلاحی طریقے کے سنگ بنیاد کے طور پر واقع ہونے والے برے طرز عمل سے خطاب کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے-

نظم و ضبط کے لیےاصلاحی طریقہ استعمال کرتے ہوئے ان بنیادی سوالات کو تبدیل کرتا ہے جو ہم کسی طرز عمل کے پیش آنے کے وقت پوچھتے ہیں- یہ پوچھنے کی بجائے کہ کس کو قصور وار ٹھرایا جائے اور برے طرز عمل میں ملوث ہونے والوں کو کس طرح سزا دی جائے گی، ایک اصلاحی طریقہ چار اہم سوال پوچھتا ہے:

- کیا ہوا؟
- اس طرز عمل سے کس کو نقصان پہنچا اور متاثر ہوا؟
- اصلاح کرنے کے لیے کیا کرنے کی ضرورت ہے؟
- مستقبل میں لوگ کس طرح مختلف رویہ اختیار کر سکتے ہیں؟

اصلاحی طریقے کی اقسام

دائروی طریقہ: ایک اسکول کے تعلیم پروگرام میں معمول کے دائروی طریق کار کا استعمال ممانعتی اور مداخلتی، حکمتِ عملیوں کے طور پر کار آمد ہیں- ایک دائروی طریقہ ایک گروہ کو تعلقات تعمیر کرنے اور فہم اور بھروسہ قائم کرنے کے قابل بناتا ہے، برادری کا احساس پیدا کرتا ہے، مجموعی فیصلہ کرنا سکھاتا ہے، باہمی فلاح کے لیے معاہدے تشکیل دیتا ہے، پیچیدہ مسئلوں کو سلجھاتا ہے، وغیرہ-

اسکولی برادری اور اس کے عمدہ قدرتی وسائل میں ایک محفوظ اور معاونتی اسکولی ماحول کو تخلیق کرنے اور اس کو برقرار رکھنے میں طلبا کا گروپ دلچسپی رکھنے والا سب بڑا گروپ ہے- طلبا میں اور طلبا اور عملے کے مابین برادری قائم کرنا اسکول کے ایک معاونتی اور مشمولی ثقافت کو تخلیق کرنے کے لیے اہم ہے- جب طلبا یہ محسوس کرتے ہیں ان کو قبول کیا، ان کا احترام کیا اور ان کو شامل کیا جا رہا ہے تو یہ اسکول کے ساتھ مثبت تعلق قائم کرتے ہیں اور لچک کو پروان چڑھاتے ہیں- برادری کی تعمیر میں دائروی طریقہ ذیل پر توجہ دیتا ہے:

- **تحفظ اور یقین.** ایک دوسرے کے ساتھ تعلق بنانے کے لیے برادری کے ارکان کو ایک محفوظ اور یقین کرنے کے احساس کی ضرورت ہے-
- **وقار.** اراکین منصفانہ انداز اور وقار کے ساتھ اور اپنے عمل کے لیے ذاتی ذمہ داری کے علم کے ساتھ بات چیت کرتے ہیں-
- **بے تکلفی.** براردری کے اراکین اپنے خیالات اور جذبات کا اظہار آزادانہ انداز میں کرتے ہیں-
- **احترام.** ایک برادری کی طرح یکجا ہونے کے لیے، یہ لازمی ہے کہ اراکین یہ محسوس کریں کہ انفرادی طور پر ان کی قدر اور احترام کیا جاتا ہے، یہ لازمی ہے کہ یہ ایک دوسرے کے ساتھ احترام کے ساتھ پیش آئیں
- **اضافی اختیار.** اضافی اختیار کا احساس ایک اہم جز اور برادری کے رکن کے طور پر مقصود نتیجہ ہے- برادری کی اعانت اراکین کو اپنی ذات پر ایک نئی نظر کے اور اپنی قابلیتوں کے لیے ایک نئے اعتماد کے احساس کے حصول کے قابل بناتی ہے-

ایک طالب کے نامناسب طرز عمل سے خطاب کرنے کے لیے جب مداخلتی اقدام کے طور پر استعمال کیا جائے، اصلاحی دائرے برادری کے ارکان کو دوسروں کی خیر و عافیت کی ذمہ داری لینے کے لیے با اختیار کرسکتے ہیں، اختلاف بڑھنے سے قبل اس سے نمٹنا یا اس سے خطاب کرنا ہے؛ ان بنیادی عناصر سے نمٹنا جو نوجوانوں کو نامناسب رویے کی جانب لے جاتے ہیں اور ابھارتے ہے؛ جنھوں نے دوسروں کو نقصان پہنچایا ہے، ان میں ایسی سماجی صلاحیتیں بڑھائیں جو دوسروں کے ساتھ تعلقات بہتر کرنے میں مدد کرتی ہیں؛ اور برا کرنے والوں کو موقع فراہم کریں کہ وہ ان لوگوں کے سامنے جوابدہ ہوں جن کو انہوں نے نقصان پہنچایا ہے اور انہیں اس قابل کریں کہ جہاں تک ممکن ہو کیے گئے نقصان کا ازالہ کریں- دائرے کو ایک ایسے مخصوص مسئلے سے خطاب کرنے کے لیے بھی استعمال کیا جا سکتا ہے کو اسکولی برادری کو متاثر کر رہا ہو-

باہمی بات چیت: ایک باہمی بات چیت کا طریقہ استعمال کرنا ایک فرد کو کسی مسئلہ یا تنازے پر اس شخص سے براہ راست بات کرنے کے قابل بناتا ہے جس کے ساتھ وہ اختلاف رائے رکھتا ہے تاکہ کسی باہمی اطمینان بخش حل تک پہنچا جا سکے- باہمی بات چیت میں دھیان سے سننا اور دیگر تنازے کے سلجھاؤ کی صلاحیتیوں کی تعلیم شامل ہیں-

ہمسر ثالثی: ایک غیر جانبدار، تیسری ثالث جماعت (اسکول میں ایک طالبِ علم جس کو ہمسر ثالث کے طور پر خدمات انجام دینے کے لیے تربیت دی جا چکی ہو) اختلاف رکھنے والی جماعتوں کے مابین بات چیت کو سہل بناتا ہے تاکہ ایک باہمی تسلی بخش حل تک پہنچا جا سکے- ثالثی یہ تسلیم کرتی ہے کہ تنازعتی نقطہ نظر جو کہ تنازعہ رکھنے والے سامنے لائے ہیں مستند ہیں اور تنازعہ رکھنے والوں کو ایک ایسے حل تک پہنچنے میں مدد کرتی ہے جو دونوں جماعتوں کی ضروریات پر پورا اتریں- تنازعہ رکھنے والوں کے لیے ثالثی کا انتخاب کرنا اور اس عمل میں رضامندی کے ساتھ شرکت کرنا لازمی ہے- ثالثی کو اس صورت میں استعمال نہیں جا سکتا جب ایک فرد کو کسی دوسرے فرد کے ذریعے نشانہ بنایا ہو (مثال کے طور پر ہراس یا غنڈہ گردی)

رسمی اصلاحی کانفرنس: ایک کانفرس اس فرد کی طرف سے منظم کی جاتی ہے جن کو مخصوص تربیت دی جاتی ہے کہ وہ ان افراد کو اکٹھا کریں جنھوں نے نقصان پہنچانے کا اعتراف کر لیا ہو اور ان کو جن کا نقصان ہوا ہے- اسکولی ماحول میں اس انتخاب کو منتخب کرنے میں جس فرد کو نقصان پہنچا ہے اس کی صورتِ حال، ذہنی، جسمانی صحت، تحفظ اور بہبود کو قطعا نظر کرنا نہایت اہمیت رکھتا ہے- دونوں فریق اپنے حامیوں کو لا سکتے ہیں، جواس واقعہ سے اثر انداز ہوئے ہوں- کانفرنس کا مقصد نقصان کرنے والے اور نقصان کا شکار بننے والے دونوں کو ایک دوسرے کے نظریات کو سمجھ کر کسی باہمی معاہدے پر پہنچانا ہے، جس سے نقصان کا جہاں تک ہو سکے ازالہ کیا جا سکے-

معاونت کی ترقی پسند سیڑھی اور ضوابطی نتائج

نیچے دیے گئے مدد اور ترقی کی سیڑھی نامناسب رویےکے ایک بہتری کی جانب جاتے ہوئے ردعمل کو واضح کرتی ہے- طالب علم کے برے رویے سے بر ایک صورت حال کی بنیاد پر نمٹانا چاہیے- تمام صورت حال میں، موزوں مداخلتی اقدامات اور/یا انضباطی نتائج کے اطلاق میں بہت سے عناصر کو مد نظر رکھنا چاہیے جن میں غلط رویے کی نوعیت اور سنجیدگی شامل ہیں- کئی صورت حال میں اسکول میں تادیبی کاروائی اور/یا رہنما مداخلت کا استعمال سب سے موزوں ہو سکتے ہیں- دیگر صورت حال میں، کسی طالب علم کے غلط رویے کو، رہنما مداخلت کے ساتھ ساتھ، کسی حدف شدہ یا غیر معمولی انضباطی ردعمل سے مخاطب کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے-

رہنما مداخلتوں کے انتخابات		انضباطی کارروائیاں کے انتخابات
مہتمم کے معطل یافتہ طالب علموں کو ایک متبادل بدایاتی مقام پر طالبانہ خدمت فراہم کی جاتی ہے- مقام اور طالب علم کے بوم اسکول کے مابین رابطہ قائم کیا جاتا ہے تاکہ اس کی تعلیمی ترقی اور واپسی سے کامیاب منتقلی کو یقینی بنایا جاسکے-	**جب ایک طالب علم برا طرز عمل اختیار کرتا ہے تو، طلبا کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے علیحدہ علیحدہ یا تادیبی کاروائی کے ساتھ معاونتی خدمات فراہم کی جاتی ہیں- سماجی - جذباتی نشونما اور سماج دوستانہ طرز عمل کو پروان چڑھانا اور مستقبل میں برے طرز عمل سے اجتناب کرنا ہدف ہے-**	**مہتمم کی معطلی** • ایک اسکولی سال • 30-90 دن • 6-10 دن
• استاد کانفرنس / کلاس روم کے مشاہدے • بمسر ثالثی اور / یا طرز عمل کی دیگر معاونتیں • اصلاحی طریقے • ایک صلاح کار / اتالیق کی تقرری • کلاس روم میں رہنمائی کا سبق (اسباق) • طرز عمل کا انفرادی معاہدہ • باہمی طور پر مسائل حل کرنا • طالبانہ فلاح و بہبود (پیوپل پرسنل ٹیم) کا حوالہ • رہنمائی کانفرنسیں • والدین سے رابطہ • انفرادی یا گروپ میں مشاورت • صلاح کاری پروگرام • اسکول نرس یا اسکول میں واقع صحت کلینک یا بیرونی طبی خدمات فراہم کنندہ کا حوالہ • تعلیمی مداخلتوں کی خدمات کا حوالہ • بیرونی ذہنی صحت مشاورت فراہم کنندہ یا برادری پر مبنی تنظیم کا حوالہ • منشیات کے استعمال پر موزوں مشاورتی خدمات کا حوالہ • حاضری کے استاد / ربط رہندہ کا حوالہ • فعالی طرزِ عمل تشخیص (FBA)/ طرزِ عمل کی مداخلت کا منصوبہ (BIP) • اسکول مشیر اور / یا معاونتی عملہ اور / یا منتظم - طالب علم کانفرنس		**خارج یا معطل کرنا** • پرنسپل کی معطلی (پانچ دنوں تک) • استاد کے ذریعے کلاس سے خارج کیا جانا **اسکول کے اندر تادیبی کاروائی** • رسمی اصلاحی کانفرنس • طرز عمل کا انفرادی معاہدہ • طرزِ عمل سے متعلق پیش رفت کی قلیل مدتی رپورٹیں • طالبانہ فلاح و بہبود (پیوپل پرسنل ٹیم) کا حوالہ • طالب علم کے ساتھ نگران کی کانفرنس • اسکول کے اندر تادیبی کاروائی • والدینی کانفرنسیں • طالب علم / استاد کانفرنس • منتظم والدین اور / یا ڈین طالب علم کانفرنس؛ اسکولی عملے کی جانب سے تنبیہہ.

جب ایک طالب علم کو دشواری کا سامنا ہوتا ہے یا یہ بد اعمالی کا مظاہرہ کرتا ہے تو استاد والدین سے رابطہ کرتا ہے، طرز عمل کی نوعیت اور شدت اور طالب علم کی عمر اور بالغ ہونے کی سطح کی بنیاد پر ، ذیل میں سے کوئی ایک یا اس زائد اقدامات کر سکتا ہے: طالب علم کے ساتھ ایک کانفرنس کر سکتا ہے، طالب علم کو مشاورت اور / یا PPT کا حوالہ، اور / یا (مڈل اور ہائی اسکول کی سطح پر) طالب علم کو ڈین کے دفتر کا حوالہ دے سکتا ہے- طالب علم کے رویے سے نمٹنے کے لیے بنیادی انضاطی نتائج کے لیے ایک یا زیادہ مداخلیتیں اور/ یا اختیارات استعمال کیے جاتے ہیں-

تمام طلبا کےلیے ہمہ کار انسداد

اسکول مثبت طرز عمل کو پروان چڑھانے کے لیے ایک مکمل اسکول کے طریقے کو استعمال کرتا ہے سماجی - جذباتی تعلیم کو نصاب میں مربوط کیا گیا ہے- عملہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے معمول میں ملاقات کرتا ہے کہ طلبا کی معاونت کا جامع پروگرام موجود ہے جس میں رہنما خدمات، سماجی اور جذباتی تعلیم کے مواقع، طلبا کو مشغول کرنے کے مواقع، اور طرز عمل کے انسداد اور مداخلت کی معاونت شامل ہے تاکہ طالب علم کے سماج دوستانہ طرز عمل اور اسکولی برادری کے ساتھ مثبت تعلق کی حوصلہ افزائی کی جائے اور ترغیب جا سکے- مداخلت اور / یا معاونتی خدمات کے ضرورت مند طلبا کی قبل از وقت نشان دہی کرنے کے لیے اسکول کے پاس ایک نظام موجود ہے-

غنده گردی اور تعصب پر مبنی طرز عمل سے خطاب کرنا

ہر ایک اسکول سے ایک ایسی مشفق ثقافت کو پروان چڑھانے کی توقع کی جاتی ہے جو ذاتی اور گروپ کے مثبت تعلقات کو طلبا کے درمیان اور طلبا اور عملے کے مابین تنوع کے لیے احترام کو پروان چڑھائیں، تمام طلبا کو ایک ایسا معاونتی اور محفوظ ماحول فراہم کرے جس میں تعلیمی اور سماجی طور پر نشونما اور افزائش پائی جائے- طلبا کی تعلیم حاصل کرنے اور اعلی تعلیمی معیارات پر پورا اترنے کی قابلیت اور ایک اسکول کی تعلیم دینے کی قابلیت اس وقت خطرے میں پڑ جاتی ہے جب طلبا دیگر طلبا کے خلاف تعصبانہ یا ہراس، غنڈہ گردی، یا دھمکانے کے طرز عمل میں مشغول ہوتے ہیں-

غنڈہ گردی اور ہراس مختلف شکلیں اختیار کر سکتا ہے اور ان میں ایسے طرز عمل شامل ہیں جو طلبا کو ان کے نسل، رنگ، قومی نژاد، قومیت، شہریت / نقل وطنی کی حیثیت، مذہب، مسلک، معذوری، جنسی میلان، جنس، جنسی اظہار، جنسی رجحان یا وزن کی بنا پر طلبا کو ہدف بناتے ہیں- ایسے طرز عمل تمام کو خطرے میں ڈال دیتے ہیں، اور یہ اسکول کی ذمہ داری ہے کہ ایسے ہراس کے نتیجے میں وجود میں آنے والے نفرت انگیز ماحول کو ختم کرے، اس کے اثرات سے خطاب کرے، اور ہراس دوبارہ وقوع پذیر نہ ہو کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کرے-

اسکولی برادری میں ہر ایک - استاد، معاونتی عملے، تحفظاتی ایجنٹوں، کیفیٹریا، عمارت کی نگرانی کے عملے، بس ڈرائیور، رہنما مشیران، طلبا اور والدین کو - یہ جاننے کی ضرورت ہے کہ غنڈہ گردی کیا ہے اور محکمۂ تعلیم کے قوانین ایسے طرز عمل کو ممنوع قرار دیتے ہیں- اسکول پیما قواعد جو غنڈہ گردی اور تعصب کو ممنوع قرار دیتے ہیں اور تماشائی (تماشا دیکھنے) کے طرز عمل کی دل شکنی کرتے ہیں یہ طلبا کی غنڈہ گردی کے انسداد میں ایک اہم کرادار کرنے میں مدد کرنے کے لیے نہایت اہم ہیں-

غنڈہ گردی کیا ہے؟

غنڈہ گردی ایک ایسا طرز عمل ہے جس کا مقصد کسی قسم کا نقصان پہنچانا ہے- غنڈہ گردی کرنے والا فرد جان بوجھ کچھ ایسا کہتا یا کرتا ہے جو اس طرز عمل سے شکار کو نقصان پہنچاتا ہے-

غنڈہ گردی کے طرز عمل میں ہمیشہ غنڈہ گردی کرنے والے فرد اور طرز عمل کے شکار کے درمیان غیر متوازن طاقت (جسمانی یا سماجی) یا توانائی شامل ہوتی ہے- غنڈہ گردی کرنے والا فرد ابدافی فرد کے مقابلے میں جسمانی طور بڑا یا طاقتور یا عمر میں بڑا یا بہتر سماجی حیثیت رکھ سکتا ہے- یہ طرز عمل کا سلسلہ ہے جو عموماً وقت کے ساتھ ساتھ دوہرایا جاتا ہے اور یہ کئی صورتیں اختیار کر سکتا ہے-

غنڈہ گردی گردی ایک فرد (یا گروپ) کی جانب سے ایک ایسا جارحانہ طرز عمل ہے جس کا ہدف ایک مخصوص فرد (یا گروپ) ہوتا ہے- جاراحانہ طرز عمل غیر ضروری اور منفی ہوتا ہے- یہ جان بوجھ کر اور بلا اشتعال کیا ہوتا ہے- ابدافی فرد کو جان بوجھ کر کچھ کر کے یا کہہ کر نقصان پہنچتا ہے-

طالب علم سے طالب علم کی غنده گردی اور / یا تعصب پر مبنی طرز عمل کا انسداد ایسی موثر سماجی جذباتی تعلیم کا جز ہے جو طلبا کی سماجی جذباتی بنیادی قابلیتوں کے فروغ میں مدد کرتی ہے- ذیل میں زندگی کی بنیادی صلاحیتیں ہیں: اپنے ذاتی جذبات کی شناخت اور ان کو منظم کرنا؛ دوسروں کا خیال اور تردد کرنا؛ مثبت تعلقات قائم کرنا؛ ذمہ دارانہ فیصلے کرنا؛ اور دقت طلب حالات سے تعمیری اور اخلاقی طریقے سے نمٹنا-

جو طلبا اپنے ذاتی ذاتی جذبات کی شناخت اور ان کو منظم کرنے کے قابل ہوتے ہیں یہ ہمسروں کے ساتھ اٹھنے بیٹھنے کے وقت جارحانہ یا غیر مزاحم ہونے بجائے خودرائی پر مائل ہوتے ہیں- جو طلبا دوسروں کے لیے ہمدردی اور تشویش کو فروغ دیتے اور مثبت تعلقات قائم کرتے ہیں تو ان کا غنڈہ گردی یا تعصب پر مبنی طرز عمل مشغول ہونے کا امکان کم ہوتا ہے- اس کے علاوہ، جو طلبا یہ سیکھ چکے ہیں کہ ذمہ دارانہ فیصلے کس طرح کیے جائیں اور مسابقت طلب صورت حال سے بااخلاق اور مثبت انداز میں کس طرح نمٹا جائے تو ان کا تماشائی بننے کا امکان کم ہوتا ہے اور ان کا ایک ہمسر کو کسی بھی طرح سے ہراس کا ہدف بننے کی صورت میں ایک دوست کی طرح کردار ادا کرنے کا امکان زیادہ ہوتا ہے- تمام طلبا کی دوست کس طرح بنائے جائیں میں مدد کرنے کے لیے، محکمۂ تعلیم اساتذہ اور مشیروں کو سب کے لیے احترام کو پروان چڑھانے کے نصابی نمونے کو استعمال کرنے کی تربیت فراہم کرتا ہے: طلبا کو تماشائی سے دوست بننے کو تقویت دینے کے ساتھ ساتھ سب کے لیے احترام کے دیگر پیشہ ورانہ فروغ کے مواقع-

اسکولی برادری کی غنڈہ گردی گردی اور تعصب پر مبنی طرز عمل سے خطاب کرنے میں مدد کرنے کے لیے محکمے کی ویب سائٹ سب کے لیے احترام لائبریری والدین، طلبا، اسکولی عملے اور اسکولی قائدین کو مختلف قسم کے وسائل کی پیشکش کرتی ہے- ان وسائل میں رہنمائی دستاویزات اور والدین اور طلبا کے لیے تجاویز کی شیٹ شامل ہیں، بشمول غنڈہ گردی اور اختلاف کے فرق کو سمجھنے کے لیے ایک اہم RFA مراسلہ، اس کے ساتھ ساتھ اسباق، کتب کی فہرست، اور اسکولی عملے کے لیے دیگر تعلیمی مواد- اسکولوں کی ان وسائل کو استعمال کرنے

سب کے لیے احترام لائبریری اسکولوں کو غنڈہ گردی کے انسداد کا مہینہ، نام نہ بگاڑنے کا ہفتہ جیسے مواقع یا ہمارے اسکول میں نہیں یا نفرت کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے جیسے پراجیکٹ کے ذریعے اطلاع نامے بھی فراہم کرتی ہے تاکہ طلبا کواحترام کو پروان چڑھانے میں مشغول کیا جائے-

اسکول چاہے کلاس یا اسکول پیما مہینے کی کتاب کی نشان دہی کرنے کے لیے کتب کی فہرست کو استعمال کرے یا چاہے تربیت یافتہ ہمسر معلم کے ذریعے ہمسر تا ہمسر کی ورکشاپ کا انعقاد کرے تاکہ غنڈہ گردی کے طرز عمل کا انسداد کیا جائے یا تنوع کے لیے احترام کو پروان چڑھایا جائے، یہ اہم ہے کہ ہر ایک اسکولی برادری پر معنی اور پیش قدم انداز میں اسکول کی ایک ایسی ثقافت اور فضا کو تخلیق کرنے میں مصروف ہو جہاں طلبا اپنے آپ کو محفوظ سمجھیں اور یہ محسوس کریں کہ ان کا حترام کیا جاتا ہے-

اگر بطور والدین آپ کی کوئی تشویشات ہیں کہ آپ کا بچہ غنڈہ گردی کے طرز عمل کا شکار ہے تو براہ کرم اپنے بچے کے اسکول اپنی تشویشات سے مطلع کریں- اگر اپنے بچے کے اسکول کو مطلع کرنے کے بعد، آپ کو مزید مدد کی ضرورت ہے تو، براہ کرم (ایلیمنٹری اور مڈل اسکول) اپنے اسکول کے ضلعی خاندانی حمایتی یا (ہائی اسکول) برو خاندانی حمایتی سے یا RespectforAll@ schools.nyc.gov پر ای میل کے ذریعے رابطہ کریں-

غنڈہ گردی اختلاف نہیں ہے

اختلاف دو یا اس سے زائد ایسے افراد کے مابین ایک جدوجہد ہے جو یہ سمجھتے ہیں کہ یہ بے جوڑ اہداف یا خواہشات رکھتے ہیں- جب ہم ایک دوسرے کے ساتھ باہمی تعامل کرتے ہیں اختلاف قدرتی طور پر رونما ہوتا ہے یہ زندگی کا ایک عام حصہ ہے کہ ہم دیگر افراد کے ساتھ اس بارے میں لوگوں سے ہمیشہ اتفاق نہیں کریں کہ ہم کیا چاہتے ہیں، ہم کیا سوچتے ہیں، یا ہم کیا کرتے ہیں-

طلبا کے درمیان زیادہ تر اختلافات اس وقت پیدا ہوتے ہیں جب طلبا ایک ہی صورت حال کو دو مختلف نقطہ نظر سے دیکھتے ہیں- کچھ اسی صورت حال کے بارے میں سوچیں جس میں ہم لوگوں کے درمیان اختلاف کی وضاحت کرتے ہیں- "ان میں زور دار بحث ہو رہی ہے"؛ یہ ایک دوسرے کو جواب دے رہے تھے"؛ "اس نے یہ کہا تو اس نے یہ کہا"- ایسی صورتوں میں، دونوں افراد مساوی طور پر "اپنی کہانی سنا رہے ہیں-"

اختلاف میں لوگ کو جھنجھلاٹ ہو سکتی ہے اور ان کو غصہ آ سکتا ہے- ممکن ہے کہ ہر ایک فرد کے محسوس کیے جانے والے جذبات کی مقدار نسبتاً مساوی ہو گی کیونکہ یہ دونوں اپنی مرضی لے لیے مقابلہ کر رہے ہیں- گرما گرمی کے وقت میں، ایک یا دونوں افراد کے جذبات اختلاف کو بڑھا سکتے ہیں- ہم سب ایسے اختلافات کو جانتے ہیں جس میں لوگ ایک دوسرے کو دکھ پہنچانے کے لیے ایس باتیں کہہ جاتے ہیں جن کے لیے بعد میں ان کو افسوس ہوتا ہے-

اختلاف میں مشغول ہونے والے افراد مسئلے کو حل کرنا چاہتے ہیں- " آگے پیچھے" ہوتا رہتا ہے جب ایک فرد اپنی مرضی کو ثابت کرنے کی کوشیش کرتا ہے- جب ایک یا دونوں افراد مسئلے کو اس طرح حل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں کہ دونوں فریقوں کی کی ضروریات پوری ہوں، یہ ہی اختلاف دونوں افراد کے درمیان دوبارہ نہ ہو-

کوئی بھی طالب علم جسکا یہ خیال ہو کہ وہ امتیازی برتاو، ہراساں کرنے، ڈرانے اور / یا غنڈہ گردی کا شکار ہوا ہے تو اسے RFA رابطہ کار (رابطہ کاران) یا اسکول کے دیگر ملازم سے واقعے کا ذکر کرنا چاہیئے- اگر کوئی طالب علم کسی اسکولی عملے کو رپورٹ کرتے ہوئے عار محسوس کرتا ہے تو طالب علم دفتر برائے اسکول اور نوجوانان فروغ دہی (OSYD) سے RespectforAll@schools.nyc.gov پر اپنی رپورٹ ای - میل کرکے رابطہ کرسکتا ہے-

ہراساں کرنے، امتیازی برتاؤ اور / یا غنڈہ گردی، کی تمام رپورٹس کی چھان بین کی جائے گی- مزید معلومات کے لیے، براہ کرم چانسلر کا ضابطہ A-832 ملاحظہ کریں-

تادیبی کاروائیاں

اسکول کے اندر تادیبی کاروائی

اسکول کی تادیبی کاروائیوں کے متعدد طریقہ کار ہیں جن کو طلبا کو ان کے طرز عمل کے لیے جوابدہ ٹھرانے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے اور ان میں کلاس روم سے خارج کرنا یا ایک متبادل تعلیمی مقام میں تقرری شامل نہیں ہے- بنیادی تادیبی کاروائیوں کے طریق کار کو معاونت کی ترقی پسند سیڑھی اور ضوابطی نتائج میں خاکہ کش کیا گیا ہے- اسکول کےموزوں مداخلتی اقدامات اور/یا انضباطی نتائج کے اطلاق کرنے کے فیصلےمیں بہت سے عناصر کو مد نظر رکھنا چاہیے بشمول غلط رویے کی نوعیت اور سنجیدگی شامل ہیں- اسکولوں کی تادیبی کاروائی کے بنیادی طریقہ کار کو استعمال کرنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے جب یہ برے طرز عمل کے لیے نہایت معقول ہوں-

معطلیاں اور استاد کے ذریعے خارج کیا جانا

تمام معطلیوں اور کلاس روم سے اخراج کو علیحدہ علیحدہ اور چانسلر کے متعلقہ ضابطے، ریاستی تعلیمی قانون اور وفاقی قوانین کے تحت قانونی طور پر کیا جانا چاہیئے- (نوٹ: موسم گرما اسکول کے لیے طلبا کے تادیبی کاروائی کے طریقہ کار معمول کے تعلیمی سال کے دوران استعمال کیے جانے والے طریقہ کار سے مختلف ہوتے ہیں اور ان کو علیحدہ طور پر جاری کیا جاتا ہے-) طلبا کے ریکارڈ میں درج کی جانے والی تمام معلومات کو چانسلر کے ضابطے A-820 کے تحت کیا جانا چاہیئے-

اسکولوں سےمعطلی سے واپس لوٹنے والے طلبا کو اسکولی برادری کے اندر سماجی اور تعلیمی معیارات کی تکمیل کی اہلیت میں اضافے کے لئے امدادی خدمات فراہم کرنے کی توقع کی جاتی ہے-

پانچ سے زائد دن کی معطلی کو تمام اسکول کے طلبا کے لیے دفتر برائے تحفظ اور نوجوانوں کے فروغ کےچیف ایگزیکیٹو افسر یا چانسلر کے دیگر نامزد کردہ فرد، یا ایلیمنٹری اور مڈل اسکولوں میں برادری کے مہتمم کے ذریعے لاگو کی جاسکتی ہے- حوالے کی آسانی کے لیے " مہتمم کی معطلی" کو اس پورے دستاویز میں استعمال کیا گیا ہے تاکہ دفتر برائے تحفظ اور نوجوانوں کے فروغ کےچیف ایگزیکیٹو افسر کے ذریعے یا چانسلر کے دیگر نامزد کردہ فرد کے ذریعے یا برادری کے مہتمم کے ذریعے لاگو کی معطلیوں کی وضاحت کی جاسکے-

تادیبی کاروائی کے نتائج

تادیبی کاروائی کے مندرجہ ذیل نتائج کو چانسلر کے ضابطے A-443 کے تحت تمام قانونی تقاضوں کے تحت لاگو کرنا لازمی ہے- اس کے علاوہ، معذوری کے حامل طلبا، 504 منصوبہ رکھنے والے طلبا یا وہ طلبا جن کے لیے "سمجھا جاتا ہو کہ ان کو ایک معذوری لاحق ہے" یہ IDEA کے تحت مخصوص قانونی تحفظ کے مستحق ہیں، بشمول بدعملی کے لیے طرز عمل کی وضاحت کا جائزہ اگر یہ تادیبی کاروائی کے لیے مختلف تقرری کے موقوف پر ہیں (چانسلر کا ضابطہ A-443 ملاحظہ کریں)

اسکول کے اندر تادیبی کاروائی تادیبی کاروائی کے مختلف انتخابات بشمول رسمی اصلاحی کانفرنس کے لیے براہ کرم معاونت کی ترقی پسند سیڑھی اور ضوابطی نتائج کو ملاحظہ کریں اس کے علاوہ، تادیبی کاروائی کے نتائج میں دیر تک روکے جانا، غیر نصابی سرگرمی یا عام لنچ سے خارج کیا جانا شامل ہو سکتا ہے- اگر ان نتائج کو استعمال کیا جاتا ہے تو ان کو کلاس کے اوقات کے دوران نہیں ہونا چاہیئے، جو طالب علم کے تعلیم نہ پانے کا نتیجہ بن جائے اور ان کو بہبود کی پالیسی کے تحت کیا جانا چاہیئے-	
استاد کے ذریعے کلاس سے خارج کیا جانا ایک ایسا طالب علم جو ایک ایسے طرز عمل میں مشغول ہوتا ہے جو تعلیمی طریقہ کار کے لیے نہایت خلل آمیز ہے یا کلاس میں استاد کے اختیار میں خلل ڈالے تو اس کو استاد کے ذریعے 1-4 ایام کے لیے کلاس روم سے خارج کیا جا سکتا ہے-	خارج کیے گئے طلبا کو اسکول کے اندر ایک مقام پر بھیجا جائے گا جہاں ان کو مسلسل تعلیمی خدمات فراہم کی جائیں گی بشمول کلاس کے کام اور ہوم ورک کے. ایک استاد کی جانب سے کلاس روم سے اخراج (جب کسی ایک سیمسٹر کے دوران کوئی استاد تین بار اور ایک ٹرائیمسٹر کے دوران دوبار کسی طالب علم کو کسی کلاس روم سے خارج کردیتا ہے اور اگر وہ طالب علم پھر بھی ایسی حرکت کرتا ہے جس کے لئے معلم اسے پھر خارج کرسکتا ہے تو ایسی حالت میں اس کو پرنسپل کی طرف سے معطلی کارروائی کئے جانے کی تجویز ضرور پیش کی جانی چاہئے)
پرنسپل کی معطلی: جب کسی طالب علم کے طرز عمل سے خود اس طالب علم کو، دیگر طلبا کو یا اسکول کے عملے کو جسمانی ضرر پہنچنے کا واضح اور موجود خطرہ ہو یا کلاسوں اور دیگر تعلیمی سرگرمیوں کو باقاعدہ عمل میں رخنہ انداز ہو رہا ہو تو پرنسپل کو اسے 1-5 ایام کے لئے معطل کرنے کا اختیار حاصل ہے-	معطل کیے گئے طالب علم کو تعلیم فراہم کرنا لازمی ہے بشمول اسکول کے اندر ایک متبادل تعلیمی مقام پر ہوم ورک اور کلاس کے کام کے-

تادیبی کاروائی کے نتائج

مہتمم کی معطلی:

مہتمم کسی طالب علم کو پانچ دن سے زیادہ عرصہ کے لئے معطل کرسکتا ہے-

وہ طالب علم جو مہتمم کی طرف سے معطل کیا جائے اسکو لازمی طور پر سماعت کا ایک موقع فراہم ہونا چاہئے جس میں وہ اپنے حق میں ثبوت اور گواہ پیش کرسکے اور اسکول کے گواہوں سے جرح کر سکے-

اگر اسکول طالب علم کے خلاف اپنے الزام ثابت کردیتا ہے اور معطلی کو برقرار رکھا جاتا ہے، چیف ایکزیکٹؤ افسر برائے دفتر برائے تحفظ اور ترقی نوجوانان یا چانسلر کا دیگر نامزد کردہ یا اجتماعی مہتمم غیرمناسب طرزِ عمل کی نوعیت کے پیش نظر مندرجہ ذیل انضباطی متبادلوں میں سے کوئی بھی سزا دے سکتا ہے:

فورا بحال کرنا: چیف ایکزیکٹؤ افسر برائے دفتر برائے اسکول اور ترقی نوجوانان یا چانسلر کا دیگر نامزد کردہ یا اجتماعی مہتمم معطلی کے فیصلے کو جائز قرار دینے کے فورا بعد طالب علم کو معطل کرنے والے اسکول میں بحال کرسکتا ہے-
6-10 اسکولی ایام کے معینہ عرصہ کی مسلسل معطلی: چیف ایکزیکٹؤ افسر برائے دفتر برائے تحفظ اور ترقی نوجوانان یا چانسلر کا دیگر نامزد کردہ یا اجتماعی مہتمم کسی طالب علم کو اسکول سے 10-6 اسکولی ایام کے معینہ عرصہ کے لئے معطل رکھ سکتا ہے جس دوران اس طالب علم کو کسی دیگر مقام پر جو اسکول سے باہر ہوگا متبادل تعلیم دستیاب ہوتی ہے- معطلی کے عرصہ کے اختتام پر ضروری ہے کہ طالب علم کو اس کے اصل اسکول میں ہی بحال کیا جائے-
30-90 ایام کی توسیعی معطلی بشمول 30 یا 60 اسکولی ایام کے بعد جلدی بحالی کا خودکار جائزہ چیف ایکزیکٹؤ افسر برائے دفتر برائے تحفظ اور ترقی نوجوانان یا چانسلر کا دیگر نامزد کردہ یا اجتماعی مہتمم یہ حکم دے سکتا ہے کہ کسی طالب علم کو 90-30 اسکولی ایام کے لئے معطل کیا جائے اور اسے کسی متبادل تعلیمی ادارے میں بھیج دیا جائے، لیکن 30 یا 60 اسکولی ایام کے بعد اسکی جلدی بحالی کا خودکار جائزہ لیا جائے، اس معطلی کے لیے جو کہ 30 سے زائد ایام کی ہو- طالب علم کو بحال کر دینے کی تاریخ کا تعین کرنے ہوئے، چیف ایکزیکٹؤ افسر برائے دفتر برائے اسکول اور ترقی نوجوانان، یا چانسلر کا دیگر نامزد کردہ یا اجتماعی مہتمم جس حد تک ممکن ہو، اسکولی کیلنڈر سے رجوع کرے تاکہ تعلیمی تسلسل یقینی بنایا جاسکے- اگر جلدی بحالی کی اجازت نہیں دی جاتی ہے، طالب علم اپنے بقایہ معطلی کے دوران متبادل اسکول میں رہے گا، اور معطلی ختم ہوجانے کے بعد اسکو معطلی کرنے والے اسکول میں بحال کیا جانا چاہیے-
6 مہینوں میں خود کار بحالی کے جائزے کے ساتھ ایک سال کے عرصے کی معطلی اور ایک متبادل مقام میں تفویض: چیف ایکزیکٹؤ افسر برائے دفتر برائے اسکول اور ترقی نوجوانان یا چانسلر کا دیگر نامزد کردہ یا اجتماعی مہتمم کسی طالب علم کو ایک سال کے لئے معطل کرنے کا حکم دے سکتا ہے اور طویل متبادل تعلیمی مقام میں بھیج سکتا ہے، بشمول چھ مہینے بعد معطلی کرنے والے اسکول میں بحالی کے خودکار جائزہ کے- اگر جلدی بحالی کی اجازت نہیں دی جاتی ہے، طالب علم اپنے بقایہ معطلی کے دوران متبادل مقام میں رہے گا، اور معطلی ختم ہوجانے کے بعد اسکو معطلی کرنے والے اسکول میں بحال کیا جانا چاہیے-
ایک سال کی معطلی اور ایک متبادل مقام میں تفویض، جلدی بحالی کی درخواست کے موقع کی اجازت دیے بغیر: چیف ایکزیکٹؤ افسر برائے دفتر برائے تحفظ اور ترقی نوجوانان یا چانسلر کا دیگر نامزد کردہ یا اجتماعی مہتمم کسی طالب علم کو ایک سال کے لئے معطل کرنے کا حکم دے سکتا ہے ایک جلد بحالی کی درخواست کا موقع دیے بغیر- طلبا کو ایک سال کے لیے متبادل تعلیمی مقام میں ڈالا جانا چاہیئے- ایک سال کا دورانیہ ختم ہوجانے کے بعد، طالب علم کو معطلی کرنے والے اسکول میں بحال کردیا جائے گا-

اسکول سے نکال دیا جانا (صرف عام تعلیم کے ان طلبا کے لئے جو کہ 1 جولائی، اسکولی سال شروع ہونے سے قبل، 17 سال کے ہوچکے ہوں): چیف ایکزیکٹؤ افسر برائے دفتر برائے اسکول اور ترقی نوجوانان یا چانسلر کا دیگر نامزد کردہ یا اجتماعی مہتمم کسی طالب علم کو نیویارک شہر کے پبلک اسکول نظام سے صرف اسی حالت میں خارج کرسکتا ہے اگر وہ عام تعلیم کا طالب علم ہو اور اسکولی سال کے شروع ہونے سے پہلے 17 سال کا ہو چکا ہو-

بد عملی کی وجہ کی وضاحت کے جائزہ

معذوری کا حامل ایسا طالب علم جو تقرری میں تبدیلی کے لیے تادیبی کاروائی کے موقوف پر ہے اس کے لیے بد عملی کی وجہ کی وضاحت کا جائزہ موصول کرنا لازمی ہے تاکہ یہ تعین کیا جا سکے کہ اس کا طرز عمل طالب علم کی معذوری اور / یا IEP کے اطلاق میں ناکامی کی وجہ سے وقوع پذیر ہوا ہے- تبدیلی کے لیے تادیبی کاروائی اس وقت کی جاتی ہے اگر طالب علم ذیل وجہ سے اس کے معمول کے پروگرام سے خارج کیا جاتا ہے: (1) مہتمم کی معطلی کے نتیجے میں 10 سے زائد اسکولی ایام کے لیے (2) تین یا مزید تادیبی کاروائیوں کے نتیجے میں 40 اسکولی ایام کے اندر 10 سے زائد ایام کے لیے (مہتمم کی معطلی، پرنسپل کی معطلی، اور / یا استاد کے ذریعے خارج کیا جانا)؛ (3) ایک ایسی تادیبی کاروائی کے نتیجے میں 10 سے زائد ایام کے لیے جس میں پرنسپل یہ خارج کرنے کے سلسلے کا تعین کرتا ہے- ذیل ملاحظہ کریں http://schools.nyc.gov/Academics/SpecialEducation/ Classroom/behavior/challenging-behaviors.htm

اپیلیں

والدین معطلی کی اپیل کر سکتے ہیں- پرنسپل کی معطلی کی اپیل چیف ایکزیکٹؤ افسر برائے دفتر برائے اسکول اور ترقی نوجوانان یا چانسلر کے دیگر نامزد کردہ کے پاس کی جاسکتی ہے- مہتمم کی معطلی (مثلاً چیف ایکزیکٹؤ افسر برائے دفتر برائے اسکول اور ترقی نوجوانان یا چانسلر دیگر نامزد کردہ یا برادری کے مہتمم کے ذریعے) کی اپیل چانسلر کے پاس کی جاسکتی ہے- ایک اپیل کے گوشوارہ وقت اور اپیل کرنے کے متعلق مزید معلومات کے لیے چانسلر کا ضابطہ A-443 ملاحظہ کریں-

منتقلی انتخابات

رضاکارانہ منتقلی:

اگر والدین رضامند ہوں، تو چیف ایکزیکٹؤ افسر برائے دفتر برائے تحفظ اور ترقی نوجوانان یا چانسلر کا دیگر نامزد کردہ یا اجتماعی مہتمم طالب علم کو کسی اور اسکول میں منتقل کرسکتا ہے- تحفظاتی منتقلی کے متعلق مزید معلومات کے لیے، چانسلر کا ضابطہ A-449 ملاحظہ کریں

غیر رضاکارانہ منتقلی:

جب ایک طالب علم کا طرز عمل اور / یا تعلیمی ریکارڈ یہ مظاہرہ کریں کہ اسکول میں سمانا غیر تسلی بخش ہے اور اگر پرنسپل یہ سمجھتے ہیں کہ طالب علم منتقلی سے مستفید ہو گا یا کہیں اور معقول تعلیم موصول کرے گا تو پرنسپل چانسلر کے ضابطے A-450 کے تحت غیر رضاکارانہ منتقلی کر سکتا ہے- اگر ایک معذوری کے حامل طالب علم کو اپنے ہوم اسکول میں موصول کرنے والے اسی پروگرام کے لیے ایک مختلف اسکول میں غیر رضاکارانہ طور پر منتقل نہیں کیا جا سکتا ہے- اگر یہ سمجھا جاتا ہے کہ ایک معذوری کے حامل طالب علم کو ایک خاص تعلیم پروگرام / معاونتوں کی ضرورت ہے کیونکہ طرز عمل اور تعلیمی ریکارڈ یہ مظاہرہ کرتے ہیں کہ اسکول میں سمانا غیر تسلی بخش ہے تو اسکول کو ایک IEP اجلاس بلانا چاہیئے-

چانسلر کے ضابطے

چانسلر کے تمام ضوابط کو ذیل پر پایا جا سکتا ہے www.nyc.gov/schools/RulesPolicies/ChancellorsRegulations

قانونی مسودہ برائے طالبانہ حقوق و ذمہ داریاں، K-12 گریڈ تک

تمہید

نیویارک شہر کے پبلک اسکول طلبا، والدین اور عملے کے ارکان میں باہمی عزت کا رشتہ قائم کرنے کے خواہاں ہیں- ان کا ایک اور مقصد یہ ہے کہ طلبا کو اسکول کی برادری کے اندر کی اور باہر کی تمام سرگرمیوں میں شامل کیا جائے، اور ان کو شہری ذمہ داری اور اجتماعی خدمت کا احساس دلایا جائے- اسکولی برادری کے تمام فریقوں میں تعاون کے ذریعہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے گا کہ ہر طالب علم کو تعلیم حاصل کرنے کا ایک خوشگوار تجربہ حاصل ہو اور اس کا تعلیمی معیار اعلیٰ ترین درجے کا ہو- یہ دستاویز طلبا کے لئے جب وہ ایک متنوع سماج کے ایک بار آور شہری بننے کی کوشش کررہے ہوں گے رہنمائی کا کام دے گی-

I. پبلک اسکولوں میں مفت تعلیم حاصل کرنے کا حق مفت پبلک اسکول تعلیم حاصل کرنا "طلبا کا بنیادی حق" ہے جس کی تمام بچوں کے لئے ضمانت دی گئی ہے-
طلبا کو حق ہے کہ:

1. وہ اسکول میں حاضر ہوں اور قانون کے مطابق، کنڈرگارٹن سے 21 سال کی عمر تک یا ہائی اسکول کے ڈپلومہ تک جو بھی پہلے آجائے، پبلک اسکول کی مفت تعلیم حاصل کریں؛ جن طلبا کے بارے میں یہ تعین کیا گیا ہے کہ وہ انگریزی زبان کے متعلیمن ہیں قانون کے مطابق انہیں دولسانی تعلیم حاصل کرنے کا یا انگریزی بحیثیت دوسری زبان کے پروگرام میں جانے کا حق ہے؛ جو طلبا کسی معذوری کا شکار ہیں اور جنہیں خاص تعلیم کی ضرورت ہے انہیں قانون کے مطابق 3 سے 21 سال کی عمر تک پبلک اسکول کی موزوں تعلیم مفت حاصل کرنے کا حق ہے؛
2. وہ ایک محفوظ اور مدد گار ماحول میں تعلیم حاصل کریں گے، جو کہ امتیاز، ایذا رسانی، غنڈہ گردی اور تعصب سے پاک ہے، اور اگر انکو احساس ہو کہ وہ اس رویہ کا شکار ہوئے ہیں تو یہ شکایت درج کرواسکیں (چانسلر کا ضابطہ A-A-830, A-831, A-832, A-420 اور A-421 ملاحظہ کریں)
3. حقیقی یا دکھنے والی عمر، نسل، مسلک، رنگ، صنفِ جنس، جنسی شناخت، جنسی اظہار، مذہب، قومی نژاد، شہریت/ نقل وطنی کی حیثیت، وزن، جنسیت، جسمانی اور/ یا جذباتی حالت، معذوری، ازدواجی حیثیت اور سیاسی خیالات سے قطع نظر ہر کسی سے عزت اور ادب کا سلوک کیا جائے؛
4. انہیں اسکول کی پالیسیوں اور قاعدوں کی تحریری نقل فراہم کی جائے، جس میں ضابطہ انضباط اور نیویارک شہر محکمہ تعلیم کا قانونی مسودہ برائے طالبانہ حقوق و ذمہ داریاں بھی شامل ہو، یہ تحریر اسکول کے ابتدائی وقفے میں یا اسکولی سال کے دوران داخلے کے وقت فراہم کر دی جانی چاہئے؛
5. ڈپلومہ کے مطلوبات سے مطلع کیا جائے بشمول نصابات اور امتحانات کے اور ان ضروریات کو پورا کرنے میں مدد حاصل کرنے سے متعلق معلومات دی جائیں؛
6. صحت، ذہنی صلاحیتوں اور زبان کی قابلیت کے مطلوبہ امتحانوں کے بارے میں آگاہ کیا جائے؛
7. انہیں اسکول میں دستیاب نصابوں اور پروگراموں سے آگاہ کیا جائے اور اختیاری نصابوں کے انتخاب کے بارے میں ان کی مرضی پوچھی جائے؛
8. انہیں پیشہ ورانہ طریقہ سے تدریس فراہم کی جائے؛
9. اسکول کی طرف سے پیش کئے جانے والے ہر مضمون اور / یا نصابات کے لئے گریڈ دینے کے طریق کار سے آگاہ کیا جائے اور مکمل کئے گئے اسکول کے کام کے لئے رائج طریق کار کی بنا پر گریڈ دیئے جائیں؛
10. ان کو ان کی تعلیمی پیش رفت کے بارے میں بتایا جائے، وقتا فوقتا ان کا جائزہ لیا جائے دونوں غیر رسمی اور رسمی پیشرفت کی رپورٹوں کی شکل میں؛
11. بروقت آگاہ کیا جائے کہ اسی کلاس میں رہ جانے یا کسی نصاب میں فیل کردیئے جانے کا امکان ہے؛
12. اسی گریڈ میں روکے جانے یا گرتے ہوئے گریڈ سے بروقت آگاہ کیا جائے؛
13. اسکولی نظام میں طلبا کا ریکارڈ رکھنے میں رازداری سے کام لیا جائے؛
14. گزراش کریں یا اپنے والدین سے گزارش کروائیں کہ انکی رابطہ کی معلومات اعلی تعلیمی اداروں اور ملٹری میں بھرتی کرنے والوں کو نہ دی جائے؛
15. ذاتی، سماجی، تعلیمی، طرزِ معاش یا پیشہ ورانہ ترقی سے متعلق معاملات میں رہنمائی، مشاورت یا صلاح کرنے کا حق ہے-

II. خیالات اور شخصیت کے اظہار کی آزادی کا حق نیویارک شہر محکمۂ تعلیم کے طے شدہ قاعدوں اور پالیسیوں کے مطابق طلبا کے اس حق کی ضمانت دی گئی ہے کہ انہیں اپنے خیالات ظاہر کرنے، مختلف مفادات کی حمایت کرنے اور ان کے حق میں منظم ہونے، جمع ہو کر کسی معاملہ پر غور کرنے اور پُرامن اور ذمہ دار طریقہ سے مظاہرے کرنے کی آزادی ہوگی- طلبا کو یہ حق حاصل ہے کہ:

1. وہ طلبا کی ایک نمائندہ قسم کی انتظامیہ (حکومت) قائم کریں، اس کو فروغ دیں اور اس میں شامل ہوں؛
2. وہ یکساں رسائی کے قانون کی شرائط کی مطابق طلبا کی تنظیمیں، سماجی اور تعلیمی کلبز یا ٹیمیں اور سیاسی، مذہبی اور فلسفیانہ گروپ منظم کریں، ان کو فروغ دیں اور ان میں شامل ہوں؛
3. ان کو اسکولوں کی ایسی مناسب کمیٹیوں میں نمائندگی دی جائے جن کا تعلیمی عمل پر اثر پڑتا ہو اور جہاں ایسا قاعدہ ہو وہاں انہیں ان کمیٹیوں میں ووٹ دینے کا حق بھی دیا جائے؛
4. صحافت کے ذمہ دارانہ طریقوں کے مطابق اور تدریسی اہمیت کی بنأ پر واجب پابندیوں میں رہتے ہوئے وہ اسکولوں کے اخبار اور خبر نامے شائع کریں جن میں وہ اسکول کی زندگی کا نقشہ پیش کرسکیں اور طلبا کی تشویشات اور نقطۂ نظر کا اظہار کرسکیں؛
5. اسکول کی حدود کے اندر، بشمول برقیاتی اشاعت، اخبار، ادبی اشاعتیں یا سیاسی اشتہار وغیرہ کی تقسیم کریں، وقت، مقام اور طریقہ تقسیم سے متعلق اسکول کی جانب سے طے کئے گئے خطوط رہنمائی پر عمل پیرا ہوتے ہوئے، ماسوا اس کے کہ یہ مواد توہین آمیز، فحش یا تجارتی نوعیت کا ہو اور اس سے اسکول کے کام میں خلل اندازی یا بہت بدنظمی پیدا ہو اور دوسروں کے حقوق پامال ہوتے ہوں؛
6. وہ سیاسی یا دیگر نوعیت کے بٹن، بلے یا بازو بند پہن سکتے ہیں بشرطیکہ وہ توہین آمیز اور فحش نہ ہوں، ان سے اسکول کے کام میں زیادہ خلل نہ پڑتا ہو، اسکول میں بہت بدنظمی نہ پیدا کرتے ہوں اور دوسروں کے حقوق پامال نہ کریں؛
7. وہ اسکول کے اندر اطلاعی بورڈوں یا اسکول کی ویب سائٹ پر نوٹس چسپاں کرسکتے ہیں بشرطیکہ وہ اسکول کی طرف سے طے کئے گئے خطوط رہنمائی کے مطابق ہوں، توہین آمیز، فحش، تجارتی نوعیت کے نہ ہوں اور ان سے اسکول کے کام میں خلل نہ پڑتا ہو، بہت بدنظمی نہ پیدا کرتے ہوں اور دوسروں کے حقوق پامال نہ کریں؛
8. اسکول کے یونیفارم سے متعلق محکمۂ تعلیم کی پالیسی کی حدود کے اندر وہ اپنے لباس کا خود فیصلہ کرسکتے ہیں اور مذہبی عقیدے کے ہم آہنگ ہو بشرطیکہ ان کا لباس خطرناک نہ ہو اور اس سے تعلیم و تدریس کے عمل میں خلل نہ پڑتا ہو؛
9. وہ خود، اور دیگر ساز و سامان محفوظ ہوں اور وہ ایسی ذاتی چیزیں اسکول کے اندر لے جاسکیں جو جائز طور پر اسکول میں استعمال کی جاسکتی ہوں؛
10. ان کی غیر مناسب اور بلا امتیاز تلاشیاں نہ لی جائیں؛ بشمول جسمانی تلاشیاں؛
11. ان کو جسمانی یا زبانی سزائیں نہ دی جائیں (چانسلر کے ضابطہ A-420 اور A-421 کے مطابق)؛
12. وہ وفاداری کے حلف کی رسم میں شامل ہونے یا اس مقصد کے لئے کھڑے ہونے سے انکار کردیں-

III. مناسب قواعد پر عمل کا حق ہر طالب علم کو حق ہے کہ اس دستاویز میں بیان کئے گئے حقوق کے مطابق اس سے منصفانہ سلوک کیا جائے-
طلبا کو یہ حق حاصل ہے کہ:

1. انہیں اسکول کے قواعد، دستور اور ضابطۂ انضباط فراہم کئے جائیں؛
2. انہیں معلوم ہو کہ کیسا طرزِ عمل مناسب ہے اور کیسے طرزِ عمل کے لئے ان کے خلاف انضباطی کارروائی کی جاسکے گی؛
3. اسکول میں ان کے طرزِ عمل سے متعلق معاملات کے لیے پیشہ ور عملہ سے صلاح دستیاب ہو کیونکہ ان کا اثر طالب علم کی تعلیم اور بہبود پر ہوتا ہے؛
4. انہیں معلوم ہو کہ مخصوص خلاف ورزیوں کے کیا نتائج برآمد ہوں گے
5. اسکول کے قواعد کی مبینہ خلاف ورزی کے لئے اگر ان کے خلاف کوئی انضباطی کارروائی کی جائے یا جس کے نتیجے کے طور پر انہیں معطل کردیا جائے یا استاد کی طرف سے گریڈ سے خارج کردیا جائے تو ایسے معاملات میں مناسب انضباطی کاروائی پر عمل کیا جائے؛ معذوری کے حامل طلبا، یا جن کو "معذوری کا حامل سمجھا جاتا ہے" ان کو IDEA کے تحت مخصوص تحفظات حاصل ہیں-
6. اسکول کے عہدہ داران اگر کوئی کارروائیاں کرتے ہیں یا فیصلے کرتے ہیں تو اس دستاویز میں بیان کی گئی طلبا کے حقوق اور ذمہ داریوں کے مطابق طلبا کو معلوم ہونا چاہئے کہ ان کے خلاف اپیل کرنے کے قواعد کیا ہیں؛
7. وہ کانفرنسوں اور سماعتوں میں انہیں اپنے والدین اور / یا اپنے کسی نمائندے کو ساتھ لے جائیں؛
8. جہاں کہیں پولیس کی دست اندازی ہو رہی ہو وہاں اسکول کا عملہ موجود ہو؛

IV. 18 سال اور زیادہ عمر کے طلباء کے اضافی حقوق

وفاقی خاندانی تعلیم حقوق اور رازداری قانون[18 [Family Educational Rights and Privacy Act ("FERPA") سال کی عمر کے ہوچکے طلباء کو طالب علم کے تعلیمی ریکارڈ کے ضمن میں مخصوص حقوق عطا کرتا ہے-

18 سال اور زیادہ عمر کے طلباء کو چانسلر کا ضابطہ A-820 میں طے شدہ کارروائیوں کے مطابق، نیو یارک شہر محکمۂ تعلیم (New York City Department of Education) کو طالب علم کی درخواست موصول ہونے کے دن سے 45 دنوں کے اندر بذات خود اپنے تعلیمی ریکارڈ طلب، معائنہ اور اس پر نظرثانی کرنے کا حق حاصل ہے-

18 سال اور زیادہ عمر کے طلباء کو چانسلر کا ضابطہ A-820 میں طے شدہ کارروائیوں کے مطابق، یہ درخواست کرنے کا حق ہے کہ ایسی صورت میں ان کے تعلیمی ریکارڈز تبدیل کیے جائیں جب انہیں یقین ہو کہ وہ غلط، گمراہ کن، یا بصورت دیگر FERPA کے تحت ان کے رازداری کے حقوق کے برخلاف ہیں-

18 سال اور زیادہ عمر کے طلباء کو بذات خود اپنے تعلیمی ریکارڈوں میں ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات کو افشا کرنے کی اجازت فراہم کرنے کا حق ہے، سوائے مخصوص صورتوں کے جب FERPA منظوری کے بغیر افشاء کی اجازت دیتا ہے، بشمول درج ذیل:

- اس اسکولی عملہ کے سامنے افشاء کرنا ہے جسے اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داری کی تکمیل کے واسطے کسی تعلیمی ریکارڈ کا تجزیہ کرنا ہوتا ہے- نیو یارک شہر محکمۂ تعلیم کے ذریعہ بحال کردہ افراد (جیسے منتظمین، نگراں، اساتذہ، دیگر معلمین، یا امدادی عملہ کے اراکین)، ساتھ ہی وہ افراد جنہیں نیو یارک شہر محکمۂ تعلیم نے ایسی خدمات یا اعمال انجام دینے کے لئے بحال کیا ہے جنہیں انجام دینے کے لئے بصورت دیگر اسے اپنے ہی ملازمین کو استعمال کرنا پڑتا (جیسے ایجنٹ، ٹھیکیداران، اور صلاحکاران) اسکولی عملہ کی مثال میں شامل ہیں، اور جو تعلیمی ریکارڈ میں ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات کے متعلق براہ راست نیو یارک شہر محکمۂ تعلیم کے تحت کام کرتے ہیں-
- اس اسکولی ضلع کے عملہ کی درخواست پر، ان کے سامنے افشاء کرنا جس ضلع میں طالب علم اندراج کروانے کی کوشش کر رہا ہے، یا اندراج کروانے کا ارادہ ہے، یا پہلے سے ہی اندراج یافتہ ہے بشرطیکہ یہ افشاء طالب علم کے اندراج یا منتقلی کے مقاصد کے لئے ہو-
- ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات کو بگیر اجازتکی افشا کرنے کی دوسری کچھ استثناء بھی ہیں جن مخصوص قسم کے افشا شامل ہیں (1) جانچ پڑتال، تشخیص یا کسی دوسرے خاص مقصد کیلئے حکومتی ادارے کےحکام کو اجازت دینا (2) مالی امداد کیلئے جو کہ طالب علم نے درخواست دی ہو یا وصول کی ہو، (3) نیویارک شہر کے شعبہ تعلیم کی اجازت سے تحقیق و مطالعہ کرنے والی تنظیموں کیلئے (4) تصدیقی تنظیمیں جو اپنے تصدیقی کام سر انجام دے رہی ہوں (5)18 سال یا اس سے زائد عمر کے طلبا کے والدین کیلئے جو IRS ٹیکس سے مبرا ہوں (6) ایک عدالتی حکم یا عدالتی حاضری نامے پر عمل درآمد کیلئے (7) صحت یا حفاظتی مقاصد کیلئے متعلقہ حکام (8) ایسی معلومات جو نیویارک شہر کے محکمۂ تعلیم نے "ڈائریکٹری" کے لیے تشکیل دی ہو- ان افشائی اعمال میں ذیادہ تر میں مخصوص اضافی ضروریات بھی درکار ہوتی ہیں- ان افشائی اعمال میں ذیادہ تر میں مخصوص اضافی ضروریات بھی درکار ہوتی ہیں- ان کے متعلق مزید معلومات کیلئے براہ کرم FEPRA اور چانسلر کا ضابطہ A-820 دیکھیں-

18 سال یا اس سے زیادہ عمر کے طلبا کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ ان افشاء کے ریکارڈ کو دیکھ سکیں جس کا تقاضا FEPRA کرتا ہے جب کوئی ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات کی راز افشائی وقوع پذیر ہوتی ہے- تاہم اسکول پابند نہیں ہیں کہ وہ حکام، عدالتی احکام یا قانونی حاضری نامے یا ڈائریکٹری معلومات کی افشائی اور 18 سال کے طلبا اور ان کے والدین کو معلومات افشائی کا انداراج بھی رکھیں-

18 سال اور زیادہ عمر کے طلباء کو اگر لگتا ہے کہ نیو یارک شہر محکمۂ تعلیم FERPA کے مطلوبات کی تعمیل کرنے میں ناکام رہا ہے تو انہیں امریکی محکمۂ تعلیم کے پاس شکایت درج کروانے کا حق ہے- FERPA کا نظم و نسق دیکھنے والے دفتر کا نام اور پتہ ذیل میں ہے:

Family Policy Compliance Office
U.S. Department of Education
Maryland Avenue, SW 400
Washington, DC 20202-852

V. طلبا کی ذمہ داریاں ہر طالب علم کی جانب سے ذمہ دارانہ طرزِ عمل اختیار کیا جانا وہ واحد طریقہ ہے جس کے ذریعہ اس دستاویز میں بیان کئے گئے ان کے حقوق کو برقرار رکھا جا سکتا ہے- ان ذمہ داریوں میں سے کچھ کی خلاف ورزی کی پاداش میں ان کے خلاف ضابطہ انصباط کے مطابق کارروائی کی جاسکتی ہے- اگر طلبا اپنی ذمہ داریاں پوری طرح قبول کر لیں اور ساتھ ہی اپنے حقوق کا استعمال بھی کرتے رہیں تو اس طرح ان کو اپنی اور سماج کی بھی خدمت کرنے کا بہتر موقع مل سکے گا-

طلبا کی ذمہ داری ہے کہ:

1. اسکول میں باقاعدہ اور وقت پر حاضر ہوں اور اچھی تعلیمی کارگزاری دکھانے کی ہر ممکن کوشش کریں؛
2. ضروری اشیأ کے ساتھ کلاس کے لئے تیار رہیں اور کتابوں اور اسکول کے ساز و سامان کو اچھی طرح رکھیں؛
3. کلاس اور اسکول کی عمارت میں داخل ہونے یا اخراج سے متعلق اسکول کے قواعد پر عمل کریں؛
4. اسکول کے ماحول کو ہتھیاروں، غیر قانونی منشیات، ممنوعہ اشیأ یا شراب سے پاک رکھنے میں مدد دیں؛
5. اپنا طرزِ عمل ایسا رکھیں جس سے اسکول کا ماحول تعلیم کے لئے محفوظ رہے اور کسی دوسرے کے تعلیم حاصل کرنے کے حق پر برا اثر نہ پڑے؛
6. اگر کوئی معاملہ ایسا ہو جس سے اسکولی برادری کے ارکان کی صحت یا خیر و عافیت کو خطرہ پیدا ہوسکتا ہو تو اس کے بارے میں اسکول کے عہدہ داران کو اطلاع دیں؛
7. دوسروں کے وقار اور یکسانیت کا احترام کریں اور ایسی حرکات سے گریز کریں جن سے دوسرے اپنے حقوق سے محروم ہوتے ہوں یا ان پر برا اثر پڑتا ہو؛
8. اسکول کی املاک کا احترام کریں اور کسی دیگر عوامی یا ذاتی، املاک کو بھی نقصان نہ پہنچائیں؛
9. حقیقی یا دکھنے والی عمر، نسل، مسلک، رنگ، صنفِ جنس، جنسی شناخت، جنسی اظہار، مذہب، قومی نژاد، شہریت/ نقل وطنی کی حیثیت، وزن، جنسیت، جسمانی اور / یا جذباتی حالات، معذوری، ازدواجی حیثیت، اور سیاسی خیالات سے قطع نظر عزت، ادب اور احترام کے ساتھ پیش آئیں اور ان بنیادوں پر کسی پر پھبتیاں کسنے سے گریز کریں؛
10. طلبا، اساتذہ اور اسکول کے عملہ کے لئے شائستگی، صداقت اور تعاون کے جذبہ کا اظہار کریں؛
11. اسکولی برادری میں اچھے باہمی انسانی تعلقات کو فروغ دیں اور ایک دوسرے کو سمجھنے کی کوشش کریں؛
12. اختلافات کے حل کے لئے غیر مقابلہ جاتی طریقہء کار اپنائیں؛
13. طلبا کی انتظامیہ (حکومت) کے انتخابات میں شامل ہوں اور ان میں ووٹ دیں؛
14. طلبا کی انتظامیہ کو ایک پُرمعنی ادارہ بنا کر تعمیری رہنمائی مہیا کریں تاکہ زیادہ سے زیادہ شمولیت کی حوصلہ افزائی ہوسکے؛
15. طلبا کی جسمانی، سماجی اور ثقافتی دلچسپیوں اور ضرورتوں کے وسیع دائرے کو نمایاں کرنے کے لئے کئی قسم کے غیر نصابی پروگرام وضع کرنے میں اسکول کے عملہ کے ساتھ مل کر کام کریں؛
16. ذمہ دارانہ صحافت کے اخلاقی ضابطہ کے پابند رہیں؛
17. اسکولی برادری سے اپنے تعلقات کے دوران زبانی، تحریری یا کسی اور ذریعہ بشمول برقیات اظہار سے فحش اور توہین آمیز باتیں کرنے سے گریز کریں؛
18. اپنے خیالات کا زبانی، تحریری یا کسی اور ذریعہ بشمول برقیات اظہار کے اس طرح کریں جس سے تعاون کو فروغ ملے اور تعلیمی عمل میں خلل نہ پڑے؛
19. اجتماع میں پُرامن طور پر شامل ہوں اور جو طلبا شامل نہ ہونا چاہتے ہوں ان کے فیصلے کا احترام کریں؛
20. اپنی وہی ذاتی چیزیں اسکول لے کر آئیں جو محفوظ ہوں اور جن سے تعلیمی ماحول میں رخنہ اندازی نہ ہوتی ہو؛
21. اسکول کی ورزش گاہ، جسمانی تعلیم کی کلاسوں، تجربہ گاہوں اور ورکشاپ میں لباس اور مختلف سرگرمیوں کے لئے طے شدہ خطوط رہنمائی پر عمل کریں؛
22. اسکول کے ضابطۂ انضباط سے واقف رہیں اور اسکول کے قواعد و ضوابط کی تعمیل کریں؛
23. اسکول کی طے شدہ پالیسیوں اور طور طریقوں پر عمل کرنے کے لئے دیگر طلبا کی حوصلہ افزائی اور رہنمائی کریں؛
24. والدین کو اسکول کے معاملات، بشمول اسکول میں ہو رہی پیش رفت اور وہاں منظم کی جارہی سماجی اور تعلیمی سرگرمیوں کے بارے میں آگاہ رکھیں اور اگر اسکول کے عملہ کی جانب والدین تک پہنچانے کے لئے ان طلبا کے ہاتھ کوئی مراسلہ وغیرہ بھیجا جائے تو والدین تک اسکا پہنچنا یقینی بنائیں-

ہتھیار	
درجہ I	**درجہ II**
• بندوقیں جن میں پستول اور ہینڈ گن، سائلنسر، الیکٹرانک ڈارٹ اور اسٹین گن بھی شامل ہیں؛ • شاٹ گن، رائفل، مشین گن، یا کوئی ایسا دیگر ہتھیار جو مشین گن جیسا ہو یا مشین گن کے طور پر استعمال کیا جا سکتا ہو؛ • ائیر گن، اسپرنگ گن، یا کوئی ایسا دیگر آلہ یہ ہتھیار جس میں سے گولی اسپرنگ یا ہوا کی طاقت سے نکلتی ہو، اور ایسا ہتھیار جس میں خالی یا بھرا ہوا بھی کارتوس استعمال کیا جاسکتا ہو (مثلا بی بی گن یا پینٹ بال گن) • سوئچ بلیڈ چاقو، گریوٹی چاقو، پیلم بیلسٹک چاقو یا کین تلوار (یعنی وہ تلوار یا چھری جو ایک چھڑی کے اندر چھپی ہو) • خنجر، اسیٹلٹو، ڈرک، استرا، باکس کٹر، کیس کٹر، یوٹیلیٹی چاقو اور خطرناک قسم کے دیگر کے چاقو • بلی کلب، بلیک جیک، بلجیون، چکا اسٹک اور دھاتی دستانہ • ریت کے تھیلے اور ریت کے کلب • غلیل (چھوٹے، وزنی ٹکڑے جو کسی تسمے کے ساتھ ٹکے ہوں یا اس کی طاقت سے پھینکے جاتے ہوں) اور سلنگ شاٹ • مارشل آرٹس کی اشیأ جیسے کنگ فو سٹارز، نن چکس اور شرکنز • دھماکہ خیز اشیأ، جن میں بم، پٹاخے اور بموں کے خول بھی شامل ہیں۔	• تیزاب یا مہلک یا خطرناک کیمیات (جیسے کہ پیپر اسپرے، جریب) • * نقلی بندوق یا دیگر نقلی ہتھیار • بھرے ہوئے یا خالی کارتوس اور دیگر کوئی گولہ بارود • اسٹن ہتھیار • کوئی بھی مہلک، خطرناک، یا تیز دھار اشیأ جو ایک ہتھیار کے طور پر استعمال کی جاسکتی ہو یا اسکے استعمال کی نیت ہو (مثلا قینچی، ناخن تراشنے کی ریتی، ٹوٹا ہوا کانچ، زنجیریں، تاریں)

* درجہ II میں درج ایسے آلات جس کا جسمانی ضرر پہنچانے کے علاوہ کوئی مقصد ہوسکتا ہے، مثلا ناخن تراشنے کی ریتی، کے تصرف کی بنأ پر معطلی کی درخواست کرنے سے پہلے پرنسپل کو اس پر غور کرنا چاہیے کہ آیا کوئی دیگر تخفیف کرنے کے حالات موجود تھے یا نہیں۔ اس کے علاوہ، پرنسپل کو رنگ، سائز، ظاہر ہیئت، صورت اور وزن جیسے عناصر پر توجہ دے کر اس پر غور کرنا چاہیے کہ آیا نقلی بندوق حقیقی نظر آتی ہے یا نہیں۔

کنڈر گارٹن - گریڈ 5 سطح 1

خلاف ورزیاں - عدم تعاون / تکمیل نہ کرنے والا طرز عمل

A01 اسکول سے بلاعذر غیرحاضری (صرف A-D)

A02 اسکول کی مطلوبہ یونیفارم نہ پہننا (یہ صرف ایسے اسکولوں کے طلبا کے لئے ہے جنہوں نے اسکولی یونیفارم کی پالیسی اختیار کی ہوئی ہے اور جن کے والدین نے استثنیٰ حاصل نہیں کیا ہے) (صرف A اور / یا D کے لئے)

A03 اسکول دیر سے پہنچنا (صرف A-E)

A04 محکمۂ تعلیم یا اسکول کی پالیسی کی خلاف ورزی کرنے ممنوعہ آلات لانا یا ان آلات کو استعمال کرنا (صرف A-E)

A05 اسکول میں اپنے لئے مخصوص کئے گئے مقام پر حاضر نہ ہونا (صرف A-E)

A06 ایسی حرکت کرنا جس سے تعلیمی عمل میں خلل پڑتا ہو (مثلا، کلاس، لائبریری یا راہداری میں بہت زیادہ شور مچانا)

A07 تلخ کلامی یا بے ادبی کے طرزِ عمل کا مظاہرہ

A08 * ایسا لباس یا سر کا لباس پہننا (مثلاً ٹوپیاں یا بیٹس) جو غیر محفوظ ہوں یا جن سے تعلیمی عمل میں خلل پڑتا ہو (صرف A-E)

A09 محکمۂ تعلیم کی تحریری پالیسی اور/ یا اسکول کے قواعد کی خلاف ورزی کرتے ہوئے اسکول کی عمارت کے اندر کوئی چیز چسپاں یا تقسیم کرنا (صرف A-E)

A10 مناسب منظوری کے بغیر اسکول کے کمپیوٹروں، فیکس مشینوں، ٹیلیفونوں اور دیگر الیکٹرانک آلات یا اشیا کا استعمال کرنا (صرف A-E)

* اگر اس بارے میں کوئی سوال ہو کہ یہ لباس سر کا لباس کسی مذہب کا اظہار ہے، اسکول کو برو مساعد اعلی برائے معطلی میں فروغ نوجوانان کے رابطہ کاران سے رابطہ کرنا چاہیئے۔

رہنما مداخلتیں

- والدین تک رسائی
- مشاورتی عملہ کی مداخلت
- مشاورتی کانفرنس (کانفرنسیں)
- اصلاحی طریقے
- مثبت طرزِ عمل مداخلتیں اور اعانتیں (PBIS)
- انفرادی / گروہی مشاورت
- بمسر ثالثی
- صلاح کاری پروگرام
- اختلافات کا حل
- باہمی طور پر مسائل حل کرنا
- انفرادی طرزِ عمل کے عہدنامہ کی تشکیل
- طرزِ عمل میں پیش رفت کی مختصر مدتی رپورٹ نظر عمل سے متعلق پیش رفت کی قلیل مدتی رپورٹیں:
- PPT کے پاس بھیجنا) طلبا کی فلاح وبہبود کی ٹیم)
- سماجی خدمت)والدینی اجازت کے ساتھ)
- برادری پر مبنی تنظیموں سے استصواب (CBO)
- فعالی طرزِ عمل تشخیص (FBA)/ طرزِ عمل کی مداخلت کا منصوبہ (BIP)

مشاورتی مداخلتوں کے علاوہ استعمال کی جانے والی ممکنہ انضباتی کارروائیاں

A. اسکول کے تدریسی عملے کی فہمائش

B. طالب علم / استاد کانفرنس

C. مناسب نگران (مثلا، نائب پرنسپل، پرنسپل) کی طرف سے سرزنش

D. والدینی کانفرنسیں

E. اسکول کی اندرونی انضباطی کارروائی (مثلا رسمی بحالی اسلوب کانفرنس، غیر نصابی سرگرمیوں یا مشترکہ لنچ سے اخراج)

F. ایک استاد کی جانب سے کلاس روم سے اخراج (جب کسی ایک سیمسٹر کے دوران کوئی استاد تین بار اور ایک ٹرائیمسٹر کے دوران دوبار کسی طالب علم کو کسی کلاس روم سے خارج کردیتا ہے اور اگر وہ طالب علم پھر بھی ایسی حرکت کرتا ہے جس کے لئے معلم اسے پھر خارج کرسکتا ہے تو ایسی حالت میں اس کو پرنسپل کی طرف سے معطلی کارروائی کئے جانے کی تجویز ضرور پیش کی جانی چاہئے)

کنڈر گارٹن - گریڈ 5 سطح 1

خلاف ورزیاں - نافرمانی کے طرز عمل

A11 تمباکو نوشی اور / یا ماچس یا لائٹر قبضے میں ہوگا (صرف A-D)

A12 جوابازی

A13 غیر مہذب، فحش، عامیانہ، ناشائستہ زبان یا اشاروں کا استعمال یا طرز عمل

A14 دروغ بیانی، اسکول کے عملے کو غلط اور / یا گمراہ کن اطلاعات دینا

A15 دوسروں کی چیزوں کا غلط استعمال

A16 اسکول بس میں خلل انگیز کردار اور حرکات

A17 اسکول کے نگران عملے کی اجازت کے بغیر کلاس یا اسکول سے چلے جانا

A18 غیر مناسب یا ناپسندیدہ جسمانی قربت یا جسم کی شرم گاہ پر کسی کو چھونا (صرف K-3 تک؛ 4-5 جماعتوں کے لئے دیکھیں خلاف ورزی نمبر A28- دھکا پیل وغیرہ کے لیے A24 ملاحظہ کریں-) (صرف K-3 تک؛ گریڈ 4-5 کے لیےخلاف ورزی A28- (دھکم پیل وغیرہ کے لیے A24 ملاحظہ کریں-)

A19 محمکے کی انٹرنیٹ کے استعمال کی پالیسی کی خلاف ورزی، (مثلا محکمے کے کمپیوٹر کا غیر تعلیمی مقاصد کے لئے استعمال، سلامتی، رازداری کی خلاف ورزی)

A20 تعلیمی بے ایمانی کرنا جس میں مندرجہ ذیل حرکات شامل ہیں لیکن انہی تک محدود نہیں ہیں:

دھوکا دہی (مثلا، کسی اور کے امتحان کے پرچے سے نقل کرنا؛ کسی امتحان کے دوران ایسے مواد کا استعمال کرنا جس کا امتحان لینے والے کی طرف سے اختیار نہ دیا گیا ہو؛ بنا اختیار کے امتحان کے دوران کسی دیگر طالب علم سے گٹھ جوڑ کرنا؛ جو امتحان اب تک لیا نہ گیا ہو، اس کے مواد کو کلی یا جزوی دانستہ استعمال کرنا، خریدنا، فروخت کرنا، چرانا، ایک مقام سے دوسرے مقام پر لے جانا یا کسی سے التجا کرنا، جزوی یا کلی طور پر پرچے حاصل کرنا، کسی اور طالب علم کی جگہ پر امتحان دینا یا کسی دیگر طالب علم کو اپنی جگہ پر امتحان دینے کی اجازت دینا؛ کسی کو رشوت دے کر یہ معلوم کرنا کہ آنے والے امتحان میں کیا سوال ہوں گے؛ یا امتحان کے پرچوں کی نقلیں حاصل کرنا یا امتحان سے پہلے امتحان کے سوالوں کے جواب حاصل کرنا)

b. کسی کی تخلیق چرانا (کسی اور کی تخلیق کو اپنی بتانا اور بنا حوالہ دئے یا منسوب کئے اس کو اپنے نام سے استعمال کرنا، مثلاً انٹرنٹ یا کسی اور ذرائع سے تحریری کام کی نقل کرنا)

c. ناجائز گٹھ جوڑ (کسی اور شخص سے ایسا فریبانہ گٹھ جوڑ جس کے ذریعہ خود سے منسوب کرنے کے لئے کچھ لکھوایا جائے)

A21 الیکٹرانک ٹیکنالوجی کا نامناسب استعمال (مثلاً بغیر اجازت آڈیو / وڈیو ریکارڈنگ کرنا)

رہنما مداخلتیں

- والدین تک رسائی
- مشاورتی عملہ کی مداخلت
- مشاورتی کانفرنس (کانفرنسیں)
- اصلاحی طریقے
- مثبت طرزِ عمل مداخلتیں اور اعانتیں (PBIS)
- انفرادی / گروہی مشاورت
- ہمسر ثالثی
- صلاح کاری پروگرام
- اختلافات کا حل
- باہمی طور پر مسائل حل کرنا
- انفرادی طرزِ عمل کے عہدنامہ کی تشکیل
- طرزِ عمل میں پیش رفت کی مختصر مدتی رپورٹ نظر عمل سے متعلق پیش رفت کی قلیل مدتی رپورٹیں:
- PPT کے پاس بھیجنا) طلبا کی فلاح وبہبود کی ٹیم)
- سماجی خدمت)والدینی اجازت کے ساتھ)
- برادری پر مبنی تنظیموں سے استصواب (CBO)
- منشیات کے استعمال پر موزوں مشاورتی خدمات کا حوالہ:• نوجوانان میں تعلقاتی مذموم برتاؤ یا جنسی تشدد کے لیے مشاورتی خدمات کا حوالہ
- فعالی طرزِ عمل تشخیص (FBA)/ طرزِ عمل کی مداخلت کا منصوبہ (BIP)

مشاورتی مداخلتوں کے علاوہ استعمال کی جانے والی ممکنہ انضباتی کارروائیاں

A. اسکول کے تدریسی عملے کی فہمائش

B. طالب علم / استاد کانفرنس

C. مناسب نگران (مثلا، نائب پرنسپل، پرنسپل) کی طرف سے سرزنش

D. والدینی کانفرنسیں

E. اسکول کی اندرونی انضباطی کارروائی (مثلا رسمی بحالی اسلوب کانفرنس، غیر نصابی سرگرمیوں یا مشترکہ لنچ سے اخراج)

F. ایک استاد کی جانب سے کلاس روم سے اخراج (جب کسی ایک سیمسٹر کے دوران کوئی استاد تین بار اور ایک ٹرائیمسٹر کے دوران دوبار کسی طالب علم کو کسی کلاس روم سے خارج کردیتا ہے اور اگر وہ طالب علم پھر بھی ایسی حرکت کرتا ہے جس کے لئے معلم اسے پھر خارج کرسکتا ہے تو ایسی حالت میں اس کو پرنسپل کی طرف سے معطلی کارروائی کئے جانے کی تجویز ضرور پیش کی جانی چاہئے)

خلاف ورزیاں - خلل ڈالنے والے طرز عمل

A22 * قانونی ارباب و اختیار کی، اسکولی عملے یا اسکولی تحفظاتی ایجنٹ کے حکم مخالفت یا نافرمانی اس انداز میں کرنا جو کافی حد تک تعلیمی طریق کار میں خلل ڈالے اور / یا اسکولی برادری کو خطرے میں ڈال دے کرنا (اس طرز عمل میں سطح 1 یا 2 شامل نہیں ہیں عدم تعاون / ناتکمیل کرنے والے یا خلل ڈالنے والے طرز عمل جیسے کہ فحش زبان استعمال کرنا، A13؛ یا ممنوع لباس پہننا، A08؛ ممنوع اشیا اسکول لانا، A04) گریڈ K-3 A-F، اجازت کے ساتھ گریڈ 4-5، A-G،)

A23 نسل، قومیت، رنگ، قومی نژاد، مذہب، شہریت / نقل وطنی کی حیثیت، وزن، جنس، جنسی شناخت، جنسی اظہار، جنسی رجحان یا معذوری کی بنا پر پھبتیاں کسنا (گریڈ K-3 A-F، گریڈ 4-5، A-I)

A24 طلبا یا اسکولی عملے کے ساتھ بھڑنا، دھکیلنا، یا اور اسی طرح کے جسمانی رویے کا مظاہرہ کرنا (مثلاً کسی دوسرے شخص کو دھکا دینا)، یا کوئی چیز پھینکنا (مثلاً چاک) یا کسی دوسرے پر تھوکنا (مزید سنجیدہ لڑائی کے جارحانہ طرز عمل کے لیے A33 دیکھیں) (گریڈ K-3 A-F، گریڈ 4-5، A-G)

A25 غیرمجاز افراد کو اسکول میں لے کر آنا یا غیرمجاز افراد کو اسکول کے تحریر شدہ قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے اسکول میں داخل ہونے دینا (گریڈ K-3 A-F، گریڈ 4-5، A-I)

A26 دانستہ اور بلا اجازت کسی اور کی چیز اپنے پاس رکھنا (گریڈ K-3 A-F، گریڈ 4-5، A-I)

A27 اسکول کے کسی ریکارڈ یا دستاویز میں کسی بھی طریقہ سے مداخلت کرنا، اس کو بدلنا، یا اس میں ردو بدل کرنا، ان طریقوں میں شامل ہیں مگر انہی تک محدود نہیں، کمپیوٹر تک رسائی یا کسی بھی دیگر الیکٹرانک آلات کا استعمال (گریڈ K-3 A-F، گریڈ 4-5، A-I)

A28 غیر مناسب یا ناپسندیدہ جسمانی قربت یا جسم کی شرم گاہ پر کسی کو چھونا (صرف K-3 تک؛ 4-5 جماعتوں کے لئے دیکھیں خلاف ورزی نمبر A28- دھکا پیل وغیرہ کے لیے A24 ملاحظہ کریں-) (صرف 4-5 تک؛ گریڈ K-3 کے لیےخلاف ورزی A18 (دھکم پیل وغیرہ کے لیے A24 کو استعمال کریں-)

A29 * غنڈوں کے کسی گروہ (گینگ) سے تعلق رکھنے والا طرز عمل اختیار کرنا (مثلا، کسی گروہ کا لباس اور یا اضافی لباس پہننا، گریفیٹی لکھنا**، اشارے کرنا یا نشان دکھانا) (صرف 4-5 جماعتوں کے لئے)

A30 **توڑ پھوڑ کرنا، فضول باتیں لکھنا یا جان بوجھ کر اسکول کی یا عملے، طلبا یا کسی اور کی جائداد کو نقصان پہنچانا (گریڈ K-3 A-F، گریڈ 4-5، C-I)

A31 توہین آمیز مواد یا تحریر کو چسپاں کرنا یا تقسیم کرنا (بشمول ایسے مواد کا انٹرنیٹ پر چسپاں کرنا)(گریڈ K-3 A-F، گریڈ 4-5، C)

* پرنسپل کو A22 کے لیے پرنسپل کی معطلی کی منظوری دینے سے قبل پرنسپل کے لیے دفتر برائے تحفظ اور نوجوناوں کے فروغ تحریر میں منظوری لینا لازمی ہے-

**یہ طے کرنے کے لئے کہ کیا متعلقہ خلاف ورزی کسی گروہ سے تعلق رکھتی ہے یا نہیں، اسکول کے حکام کو اسکول اور نوجوانوں کی فروغ دہی کے دفتر کے گینگز یونٹ سے مشورہ کرنا چاہئے-

** اگر اسکول کی املاک کو خاصہ نقصان پہچا ہو اور بہت زیادہ مرمت کی ضرورت ہو تو مہتمم معطلی کو 30-90 اسکولی دن کے لیے بڑھا سکتا ہے بمعہ 30 یا 60 اسکولی دنوں کے بعد بحالی کے خودکار جائزہ کے-

رہنما مداخلتیں

- والدین تک رسائی
- مشاورتی عملہ کی مداخلت
- مشاورتی کانفرنس (کانفرنسیں)
- اصلاحی طریقے
- مثبت طرزِ عمل مداخلتیں اور اعانتیں (PBIS)
- انفرادی / گروہی مشاورت
- ہمسر ثالثی
- صلاح کاری پروگرام
- اختلافات کا حل
- باہمی طور پر مسائل حل کرنا
- انفرادی طرزِ عمل کے عہدنامہ کی تشکیل
- طرزِ عمل میں پیش رفت کی مختصر مدتی رپورٹ نظر عمل سے متعلق پیش رفت کی قلیل مدتی رپورٹیں:
- PPT کے پاس بھیجنا) طلبا کی فلاح وبہبود کی ٹیم)
- سماجی خدمت)والدینی اجازت کے ساتھ)
- برادری پر مبنی تنظیموں سے استصواب (CBO)
- منشیات کے استعمال پر موزوں مشاورتی خدمات کا حوالہ:
- نوجوانان میں تعلقاتی مذموم برتاؤ یا جنسی تشدد کے لیے مشاورتی خدمات کا حوالہ
- تعصب کی بنیاد پر غنڈہ گردی، دھمکانے یا ہراس کے لیے مشاورتی خدمات کا حوالہ
- فعالی طرزِ عمل تشخیص (FBA)/ طرزِ عمل کی مداخلت کا منصوبہ (BIP)

معطلی سے منتقل ہونے والے طلبا کے لیے معاونت

اسکول کے لیے معطلی سے آنے والے طلبا کو معاونتی خدمات فراہم کی جانی چاہییں تاکہ وہ اسکولی برادری میں اپنے سماجی اور تعلیمی معیارات پر پورا اترےن کی قابلیت کو زیادہ زیادہ استعمال کر سکیں- معاونتی خدمات میں کسی بھی حد تک رہنمائی مداخلتیں یا انفرادی طالب علم کی ضروریات کی بہتر طور پر تکمیل کرنے والی کسی بھی خدمات کا امتزاج شامل ہوسکتا ہے-

مشاورتی مداخلتوں کے علاوہ استعمال کی جانے والی ممکنہ انضباتی کارروائیاں

A. اسکول کے تدریسی عملے کی فہمائش

B. طالب علم / استاد کانفرنس

C. مناسب نگران (مثلا، نائب پرنسپل، پرنسپل) کی طرف سے سرزنش

D. والدینی کانفرنسیں

E. اسکول کی اندرونی انضباطی کارروائی (مثلا رسمی بحالی اسلوب کانفرنس، غیر نصابی سرگرمیوں یا مشترکہ لنچ سے اخراج)

F. ایک استاد کی جانب سے کلاس روم سے اخراج (جب کسی ایک سیمسٹر کے دوران کوئی استاد تین بار اور ایک ٹرائیمسٹر کے دوران دوبار کسی طالب علم کو کسی کلاس روم سے خارج کردیتا ہے اور اگر وہ طالب علم پھر بھی ایسی حرکت کرتا ہے جس کے لئے معلم اسے پھر خارج کرسکتا ہے تو ایسی حالت میں اس کو پرنسپل کی طرف سے معطلی کارروائی کئے جانے کی تجویز ضرور پیش کی جانی چاہئے)

G. 1-5 دنوں کے لیے پرنسپل کی جانب سے معطلی

H. مہتمم کی طرف سے اس طور پر معطل کیا جانا کہ طالب علم فوراً بحال ہوسکتا ہو

I. **مہتمم کی طرف سے اس طور پر معطل کیا جانا کہ طالب علم 6-10 اسکولی دنوں کے معینہ عرصہ تک مسلسل معطل رہے

کنڈر گارٹن - گریڈ 5 سطح 4

خلاف ورزی - جارہانہ یا نقصان دہ/مضر طرز عمل

A32 کوئی ایسا مواد یا تحریر چسپاں یا تقسیم کرنا، نمائش کرنا یا بانٹنا جس میں تشدد، زخمی کرنے یا کسی طرح کا نقصان پہنچانے کی دھمکی دی گئی ہو، یا طلبا یا عملہ کے خلاف پرتشدد عمل کی خاکہ کشی کی گئی ہو یا انکی فحش، نامناسب اور ناشائستہ تصاویر (بشمول ایسے مواد کو انٹرنٹ پر چسپاں کرنا) (صرف D-I کے لئے) (گریڈ K-3, D-F, G*-I, 4-5, D-I)

A33 ایسی زبانی اور / یا جسمانی جارحانہ طرزِ عمل میں مشغول ہونا، بلڑبازی کے علاوہ، یا دیگر کم تر جھگڑے جیسا کہ A 24 میں بیان کیا گیا ہے، جس سے معمولی چوٹ پہنچنے کا شدید خطرہ پیدا ہوتا ہو یا واقعی کوئی زخمی ہو جائے(گریڈ K-3, D-F, G*-J, 4-5, D-J)

A34 ڈرانا دھمکانا، یا کسی کو کسی بات کے لئے مجبور کرنا یا اس سے زبردستی پیسے لینا یا مارپیٹ، زخمی کرنا یا ایک یا ایک سے زیادہ افراد کو نقصان(گریڈ K-3, D-F, G*-J, 4-5, D-J)

A35 اسکول بس میں ایسی حرکات کرنا جن سے چوٹ پہنچنے کا شدید خطرہ پیدا ہوتا ہو یا واقعی کوئی زخمی ہو جائے (گریڈ K-3, D-F, G*-J, 4-5, D-J)

A36 ہراساں کرنے، دھمکانے اور / یا غنڈہ گردی کے طرزِ عمل میں مصروف ہونا، بشمول ایسے طرز عمل میں برقیاتی ابلاغ کو استعمال کرنے کے (سائبر بُلنگ) ایسے طرز عمل میں زیل شامل ہیں لیکن انہی تک محدود نہیں ہے: - کسی اور کے ساتھ لڑائی جھگڑا کرنا، دھونس یا دھمکی دینا، اس کا پیچھا کرنا یا کسی بات کے لئے مجبور کرنا؛ زبانی یا جسمانی طور پر ایسی حرکات کرنا جس سے کسی طالب علم یا عملے کے رکن کو نقصان کا خطرہ ہو، اصل یا دکھنے والی نسل، علاقائی، رنگ، قومی نژاد، شہریت / نقل وطنی کی حثیت، وزن، مذہب، مذہبی رسم و رواج، جنس، جنسی شناخت، جنسی اظہار، جنسی میلان یا معذوری کی بنا پر پھبتیاں یا فقرے کسنا(گریڈ K-3, D-F, G*-J, 4-5, D-J)

A37 اصل یا دکھنے والی نسل، علاقائی، رنگ، قومی نژاد، شہریت / نقل وطنی کی حثیت، وزن، مذہب، مذہبی رسم و رواج، جنس، جنسی شناخت، جنسی اظہار، جنسی میلان یا معذوری کی بنا پربراساں کرنے، دھمکانے اور / یا غنڈہ گردی کے طرزِ عمل میں مصروف ہونا، بشمول ایسے طرز عمل میں برقیاتی ابلاغ کو استعمال کرنے کے (سائبر بُلنگ) ایسے طرزِ عمل میں ذیل شامل ہیں لیکن انہی تک محدود نہیں ہے: - کسی اور کے ساتھ لڑائی جھگڑا کرنا، دھونس یا دھمکی دینا، اس کا پیچھا کرنا یا کسی بات کے لئے مجبور کرنا؛ زبانی یا جسمانی طور پر ایسی حرکات کرنا جس سے کسی طالب علم یا عملے کے رکن کو نقصان کا خطرہ ہو، اصل یا دکھنے والی نسل، علاقائی، رنگ، قومی نژاد، شہریت / نقل وطنی کی حثیت، وزن، مذہب، مذہبی رسم و رواج، جنس، جنسی شناخت، جنسی اظہار، جنسی میلان یا معذوری کی بنا پر پھبتیاں یا فقرے کسنا(گریڈ K-3, D-F, G*-J, 4-5, D-J)

A38 جنسی نوعیت کے فقرے کسنا، ذومعنی، جنسی قسم کی تجاویز یا اسی قسم کے جملے، یا غیر زبانی حرکات اور جنسی قسم کا جسمانی طرزِ عمل (جیسے چھونا، تھپکی دینا، چٹکی کاٹنا، ناشائستہ یا نامناسب عام طرزِ عمل، یا جنسی طور پر معنی خیز پیغامات یا تصاویر بھیجنا یا چسپاں کرنا) (صرف 4-5 جماعتوں کے لئے)

A39 مناسب اختیار کے بنا ممنوعہ اشیا، یا نسخے والی ادویات، غیر قانونی ادویات، غیر قانونی ادویات سے متعلق ساز و سامان اور / یا شراب قبضے میں رکھنا(گریڈ K-3, D-F, G*-J, 4-5, D-J)

* پرنسپل کو گریڈ K-3 کے لیے پرنسپل کی معطلی کی منظوری دینے سے قبل پرنسپل کے لیے دفتر برائے تحفظ اور نوجوناوں کے فروغ تحریر میں منظوری لینا لازمی ہے-

* چانسلر کے ضابطہ A-801 کے مطابق طلبا کو بس سے خارج کیا جاسکتا ہے-

رہنما مداخلتیں

- والدین تک رسائی
- مشاورتی عملہ کی مداخلت
- مشاورتی کانفرنس (کانفرنسیں)
- اصلاحی طریقے
- مثبت طرزِ عمل مداخلتیں اور اعانتیں (PBIS)
- انفرادی / گروہی مشاورت
- ہمسر ثالثی
- صلاح کاری پروگرام
- اختلافات کا حل
- باہمی طور پر مسائل حل کرنا
- انفرادی طرزِ عمل کے عہدنامہ کی تشکیل
- طرزِ عمل میں پیش رفت کی مختصر مدتی رپورٹ نظر عمل سے متعلق پیش رفت کی قلیل مدتی رپورٹیں:
- PPT کے پاس بھیجنا (طلبا کی فلاح وبہبود کی ٹیم)
- سماجی خدمت (والدینی اجازت کے ساتھ)
- برادری پر مبنی تنظیموں سے استصواب (CBO)

منشیات کے استعمال پر موزوں مشاورتی خدمات کا حوالہ:

- نوجوانان میں تعلقاتی مذموم برتاؤ یا جنسی تشدد کے لیے مشاورتی خدمات کا حوالہ
